صنعت وتجارت کا حقیقی ترجمان

E-mail:info@tijaratnews.tv
Cell: 03070610770

ہفت روزہ

تجارت نیوز کراچی

چیف ایڈیٹر: سیّد وحید شاہ
ایڈیٹر: محمد صغیر

جلد 25 | شمارہ: 41 | 06 تا 12 اکتوبر 2025ء | صفحات: 4 | قیمت: 15

IMF سیلاب کیلئے بجٹ میں 500 ارب روپے کی ایڈجسٹمنٹ کی اجازت دینے کو تیار

کیش سرپلس فراہم کرنے کیلئے پرعزم ہیں، بجٹ ایڈجسٹمنٹ کو قبول کرلیا جاتا ہے تو یہ وفاقی حکومت کے ہاتھ باندھ دے گا، ذرائع

توقع ہے ایف بی آر 141 کھرب روپے کا ہدف حاصل کرکے اب تک کی کمی کو پورا کرلے گا، سیلاب کے نقصانات پر سروے جاری

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) بین الاقوامی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) مالیاتی نظم وضبط کو برقرار رکھنے کے بڑے ہدف پر سمجھوتہ کیے بغیر سیلاب کے اثرات کو کم کرنے کے لیے بجٹ میں تقریباً 500 ارب روپے کی ایڈجسٹمنٹ کی اجازت دینے کے لیے تیار ہے جبکہ پاکستانی حکام بنیادی بجٹ اضافی سالانہ ہدف کے مقابلے میں اتنی ہی رقم میں نرمی حاصل کرنے پر اصرار کر رہے ہیں۔ سیلاب نے پنجاب میں سب سے زیادہ تباہی مچائی۔ پنجاب بھی مشروط طور پر 1740 سرپلس فراہم کرنے کے لیے پرعزم ہے بشرطیکہ فیڈرل بورڈ آف ریونیو اپنا 1 14 1 صوبائی حکومت سیلاب سے متاثر وافراد کی بحالی پر آنے والے اخراجات کو پورا کرنے کے لیے ابھی بھی مالی جگہ کی تلاش میں ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ پاکستانی حکام نے سیلاب سے متاثر وافراد کی بحالی کے ہنگامی اخراجات کو پورا کرنے کے لیے پرائمری ہیٹ سرپلس (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 01)

پاکستان میں رواں سال شدید سردی پڑنے کا امکان

سردی نایاب موسمیاتی رجحان لانینا کے باعث ہوگی، پاکستان میں یہ رجحان شدید برفباری، میدانی علاقوں میں طویل کہر کا سبب بن سکتا ہے

آسٹریلیا میں سیلاب، مشرقی افریقہ میں قحط اور شمالی امریکا میں سخت سردیوں کے واقعات ریکارڈ کیے جاچکے ہیں

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) ماہرین نے پاکستان میں کئی دہائیوں کی شدید سردی کا امکان ظاہر کردیا، تفصیلات کے مطابق موسمیاتی ماہرین نے خبردار کیا ہے کہ پاکستان رواں سال کئی دہائیوں کی سب سے شدید سردی کا سامنا کرسکتا ہے۔ یہ غیر معمولی سردی نایاب موسمیاتی رجحان "لانینا (LaNina) کے باعث ہوگی۔ "لانینا کے دوران عالمی سطح پر مختلف خطوں میں انتہائی موسمی تبدیلیاں رونما ہوتی ہیں۔ آسٹریلیا میں سیلاب، مشرقی افریقہ میں قحط اور شمالی امریکا میں سخت سردیوں کے واقعات ریکارڈ کیے جاچکے ہیں۔ پاکستان میں یہ رجحان شمالی علاقوں میں شدید برفباری، یخ بستہ ہواؤں اور میدانی علاقوں میں طویل کہر کا سبب بن سکتا ہے۔ دوسری جانب بحیرہ عرب میں بننے والا (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 02)

وزیراعظم، شہباز شریف ملکی معیشت اور غیر ملکی سرمایہ کاری پر اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

حالیہ ہفتے مہنگائی کی شرح میں 0.56 فیصد اضافہ

چکن 7.96 اور کیلے 0.78 فیصد سستے ہوئے، دالیں، آلو، کوکنگ آئل اور ایل پی جی سمیت دیگر اشیا کی قیمتیں بھی کم ہوئی ہیں

ایک ہفتے میں 19 اشیا مہنگی اور 12 کی قیمتوں میں کمی آئی جبکہ 20 اشیائے ضروریہ کی قیمتیں مستحکم رہیں، ادارہ شماریات

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) ملک میں مسلسل تین ہفتے کمی کے بعد حالیہ ہفتے مہنگائی کی شرح میں 0.56 فیصد کا اضافہ ریکارڈ ہوا ہے۔ اعداد وشمار میں بتایا گیا کہ ایک ہفتے میں 19 اشیا مہنگی ہوئیں اور 12 کی قیمتوں میں کمی آئی جبکہ 20 اشیائے ضروریہ کی قیمتیں مستحکم رہیں۔ ادارہ متعلق ہفتہ وار رپورٹ کے مطابق ہفتہ وار بنیاد پر مہنگائی کی شرح میں 0.56 فیصد کا اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے اور سالانہ بنیاد پر بھی مہنگائی میں اضافے کی رفتار کی شرح بڑھ کر 4.07 فیصد ہوگئی ہے۔ وفاقی ادارہ شماریات کی مہنگائی سے متعلق ہفتہ وار رپورٹ کے مطابق ہفتہ وار بنیاد پر مہنگائی کی شرح میں 0.56 فیصد کا اضافہ ہوگیا ہے اور سالانہ بنیاد پر بھی مہنگائی میں اضافے کی رفتار کی شرح بڑھ کر 4.07 فیصد ہوگئی ہے۔ وفاقی ادارہ شماریات نے بتایا کہ ملک میں مہنگائی کی مجموعی سالانہ شرح 4.07 فیصد ہوگئی ہے حالیہ ایک ہفتے میں ٹماٹر 46.44 فیصد مہنگے ہوئے، پیٹرول 1.72 اور ہائی اسپیڈ ڈیزل 1.45 فیصد مہنگا ہوا، لہسن 1.41 اور پیاز 1.22 (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 03)

ملکی ایل این جی مارکیٹ کو اسٹرکچرل ریگولیٹری اور مسابقتی چیلنجز درپیش

ایل این جی درآمد، اسٹوریج اور ڈسٹری بیوشن میں سرکاری ملکیتی اداروں کی اجارہ داری ہے، سینٹرل کوآرڈینیشن کمیٹی کے ذریعے درآمدی کلیئرنس کے لیے ون اسٹاپ شاپ کا قیام ضروری ہے

سخت لائسنسنگ و ٹیرف قواعد نجی اداروں کی مارکیٹ میں شمولیت میں رکاوٹ ہیں، ایل این جی ٹرمینلز اور پائپ لائنز کے لیے ٹی پی اے قوانین کا فوری نفاذ ہونا چاہیے، مسابقتی کمیشن

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) مسابقتی کمیشن آف پاکستان (سی سی پی) کا کہنا ہے کہ ملکی ایل این جی مارکیٹ کو اسٹرکچرل، ریگولیٹری اور مسابقتی چیلنجز درپیش ہیں، ایل این جی درآمد، اسٹوریج اور ڈسٹری بیوشن میں سرکاری ملکیتی اداروں کی اجارہ داری ہے سخت لائسنسنگ و ٹیرف قواعد نجی اداروں کی مارکیٹ میں شمولیت میں رکاوٹ ہیں۔ سی سی پی نے تجویز دی ہے کہ سینٹرل کوآرڈینیشن کمیٹی کے ذریعے درآمدی کلیئرنس کے لیے ون اسٹاپ شاپ کا قیام ضروری ہے، ایل این جی ٹرمینلز اور پائپ لائنز کے لیے ٹی پی اے قوانین کا فوری نفاذ ہونا چاہیے۔ اس حوالے سی کمپیٹیشن کمیشن آف پاکستان نے ایل این جی سیکٹر میں مسابقت کی صورتحال پر جائزہ رپورٹ جاری کردی ہے۔ رپورٹ میں چیلنجز کی نشاندہی اور مسائل (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 04)

ہر پل کی تجارتی خبریں، صرف تجارت نیوز پر
یوٹیوب پر جاکر Tijarat News کو سبسکرائب کریں اور اپنی قیمتی آراء سے ہمیں آگاہ کریں
اپنی تجارتی خبروں کو نشر کروانے اور پروگراموں کی میڈیا کوریج کیلئے ہمارے آفیشل ای میل ایڈریس اور واٹس ایپ نمبر پر رابطہ کریں
info@tijaratnews.tv 0307-0610770
SUBSCRIBE NOW
TIJARAT NEWS
YouTube

فلپ مورس پاکستان لمیٹڈ کا اسٹاک ایکسچینج سے شیئرز کی ڈی لسٹنگ کا اعلان

کمپنی اسپانسرز نے فی شیئر 1300 روپے میں بائے بیک کی پیشکش کردی ہے

کمپنی شیئرز کا 6 اکتوبر 2025 سے پاکستان اسٹاک ایکس چینج سے اخلا ہوجائے گا

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان سے ایک اور کثیر القومی کمپنی کی جانب سے پاکستان اسٹاک ایکس چینج سے اپنے شیئرز کی ڈی لسٹنگ کا اعلان کردیا گیا ہے جس کے بعد پاکستان اسٹاک ایکس چینج نے فلپ مورس پاکستان لمیٹڈ کے شیئرز کی ڈی لسٹنگ پر نوٹس جاری کردیا ہے۔ پی ایس ایکس انتظامیہ کے نوٹس کے مطابق پاکستان اسٹاک ایکس چینج نے فلپ مورس پاکستان لمیٹڈ کو ڈی (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 05)

امریکی ویزے کے خواہشمندوں کے لیے معلومات کی سہولت مزید محدود

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکی ویزے کے خواہشمندوں کو سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایک سکے ذریعے معلومات کی فراہمی کی سہولت محدود کردی گئی۔ ترجمان امریکی سفارتخانہ نے ایکس پر جاری بیان میں کہا کہ سکیورٹی خدشات اور بجٹ کی منظوری میں تاخیر کے باعث ایکس اکاؤنٹ مکمل بحالی تک باقاعدگی سے اپ (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 06)

والٹس ایپ کی آئی فون صارفین کیلئے نئی اپ ڈیٹ متعارف

آئی او ایس 25.27.73 میں کالز ٹیب کے لیے ایک نیا مشترکہ حب متعارف کرایا گیا ہے

یہ اپ ڈیٹ صارفین کیلئے روزمرہ کے روابط کو تیز اور آسان بنانے کے لیے ضروری تھا، کمپنی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) انسٹنٹ میسجنگ ایپلی کیشن واٹس ایپ نے ٹیسٹ فلائٹ بیٹا پروگرام کے ذریعے نئی آئی او ایس اپ ڈیٹ متعارف کرادی۔ واٹس ایپ بیٹا انفو کے مطابق کمپنی کی جانب سے جاری ہونے والی اپ ڈیٹ آئی او ایس 25.27.73 میں کالز ٹیب کے لیے ایک نیا مشترکہ حب متعارف کرایا گیا ہے۔ اس فیچر میں کال سے متعلق تمام افعال کو ایک جگہ جمع کردیا گیا ہے (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 07)

پورٹ قاسم دنیا کی نویں سب سے زیادہ ترقی کرنے والی بندرگاہ قرار

حکومت نے طویل عرصے سے رکے ہوئے ڈریجنگ منصوبے کی منظوری دے دی ہے، جس سے بڑے جہازوں کی آمدورفت ممکن ہوگی

کراچی، گوادر اور پورٹ قاسم مل کر ایک جدید سمندری مثلث تشکیل دے رہے ہیں، کامیابی کیلئے قوانین نے کلیدی کردار ادا کیا، وفاقی وزیر

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) پورٹ قاسم کو عالمی ادارے کی درجہ بندی میں دنیا کی نویں سب سے زیادہ ترقی کرنے والی کنٹینر بندرگاہ قرار دیا گیا۔ بین الاقوامی ادارے کی جانب سے کنٹینر پورٹ پرفارمنس انڈیکس CPPI) 2024) میں 400 سے زائد عالمی بندرگاہوں کا تجزیہ کیا گیا، جس سے پاکستان کی عالمی اہمیت اجاگر ہوئی اور چار برسوں میں 35.2 پوائنٹس کی غیر معمولی ترقی عملی کارکردگی کا ثبوت ہے۔ وفاقی وزیر جنید انور چوہدری نے اسے "قومی فخر کا لمحہ" قرار دیا اور کہا کہ اس کامیابی کے لیے پالیسی اصلاحات اور مؤثر قوانین نے کلیدی کردار ادا کیا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ڈی ریگولیشن، (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 08)

سیلاب پر عالمی امداد نہیں مانگیں گے عوام ٹیکس بھریں گے تو ترقی ہوگی، وزیر خزانہ

اگلے سال مستحکم بجٹ ہوگا، بزنس سمٹ سے خطاب، ECC اجلاس میں روز ویلٹ ہوٹل کیلئے 17.6 ملین ڈالر ریل آؤٹ کی استدعا مسترد

پاکستان امریکا کے عسکری اور اقتصادی تعلقات دوبارا استوار، توانائی، مائننگ اور ٹیکنالوجی میں تعاون بڑھانے پر اتفاق ہوا، انٹرویو

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ سیلابوں سے متعلق فیصلہ کیا ہے کہ فوری طور پر عالمی امداد نہیں مانگیں گے اور کوشش ہے کہ اپنے زور بازو پر معاملات ٹھیک کریں، ملک میں معاشی استحکام آگیا۔ ٹیکس نیٹ بڑھانے پر کام کررہے ہیں، عوام ٹیکس بھریں گے تو ترقی ہوگی۔ پشاور میں پاکستان بزنس سمٹ سے خطاب کرتے ہوئے وزیر خزانہ نے مزید کہا ایف بی آر کا کام اب صرف ٹیکس اکٹھا کرنا ہوگا۔ برآمدات کے بل بوتے پر ترقی کرنے کی پالیسی پر کام کررہے ہیں۔ کسی بھی ملک کی ترقی میں پرائیویٹ سیکٹر کا اہم کردار ہوتا ہے۔ پرائیویٹ سیکٹر کو آگے لے جانا ہے تو سیکسز اور (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 09)

K ویزا بھارتی ماہرین کو نہ دیا جائے، چینی سوشل میڈیا پر ٹرینڈ

بھارت سے افرادی قوت منگوانے کے بجائے چین میں بیروزگار ماہرین کو ملازمتیں دی جائیں

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) چینی حکومت نے دنیا بھر سے شعبہ سائنس وٹکنالوجی کے لیے "K ویزا دینے کا اعلان کیا ہے جس کی خصوصیت یہ کہ ایک عمدہ ٹیک ماہر کسی چینی کمپنی کا جاب لیٹر لیے بغیر بھی اسے حاصل کرسکتا ہے۔ چین میں سوشل میڈیا پر یہ مطالبہ زبردست انداز میں پھیل (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 13)

سندھ، پولیو کے قطرے پلانے سے انکاری والدین کیخلاف کارروائی پر غور

انکاری والدین کے موبائل فون کی سمز بند کرنا، قومی شناختی کارڈ اور پاسپورٹ معطل کرنا شامل ہے

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے اعلان کیا ہے کہ ایسے والدین کے خلاف سخت اقدامات کیے جائیں گے جو اپنے بچوں کو پولیو کے قطرے پلانے سے انکار کرتے ہیں، جن میں ان کے موبائل فون کی سمز بند کرنا، قومی شناختی کارڈ اور پاسپورٹ معطل کر (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 12)

سونا عوام کی پہنچ سے مزید دور، نرخ میں بڑا اضافہ

بین الاقوامی بلین مارکیٹ میں فی اونس سونے کی قیمت 3 ہزار 886 ڈالر کی سطح پر آگئی

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) عالمی اور مقامی مارکیٹوں میں سونے کی قیمت میں بڑا اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ بین الاقوامی بلین مارکیٹ میں فی اونس سونے کی قیمت 21 ڈالر کے اضافے سے 3 ہزار 886 ڈالر کی سطح پر آگئی۔ عالمی مارکیٹ میں اضافے کے بعد ملک میں فی تولہ (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 11)

پاکستان اور آسیان ممالک کا دوطرفہ تجارت وسرمایہ کاری بڑھانے پر اتفاق

پاکستان وسطی ایشیا کا گیٹ وے بن کر نئے تجارتی مواقع فراہم کرے گا، وزیر تجارت جام کمال

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) ایس آئی ایف سی کی کوششوں سے پاکستان اور آسیان ممالک کے درمیان تجارتی وسرمایہ کاری تعلقات میں اضافہ ہورہا ہے۔ پاکستان اور آسیان ممالک کے سفیروں کی وزارت تجارت اسلام آباد میں اہم ملاقات ہوئی جس میں دوطرفہ تجارت (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 10)

ریاض: وفاقی وزیر انفارمیشن ٹیکنالوجی شزہ فاطمہ کا گوٹیلی کمیونیکیشنز گروپ کے دورے کے موقع پر گروپ فوٹو

وفاقی حکومت کا پنشن سے متعلق بڑا اقدام سرکاری ملازمین کیلئے نئی اسکیم لاگو

وزارتِ خزانہ نے فیڈرل گورنمنٹ ڈیفائنڈ کنٹری بیوشن (ایف جی ڈی سی) پنشن فنڈ اسکیم رولز 2024 جاری کردیے

یہ عمل نئے متعارف کرائے گئے 'کنٹری بیوٹری پنشن فنڈ اسکیم' کے تحت ہوگا، یوں کل مشترکہ حصہ 22 فیصد ہوگا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی حکومت نے سرکاری ملازمین کے لیے کنٹری بیوٹری پنشن اسکیم لاگو کردی جس کے لیے پنشن میں بڑی تبدیلی کرتے ہوئے نئے کنٹری بیوٹری پنشن فنڈ اسکیم رولز نافذ کردیے جن کے تحت وفاقی ملازمین کو اپنی پنشن کے لیے تنخواہ کا 10 فیصد حصہ جمع کرانا ہوگا تاکہ وہ قومی خزانے سے 12 فیصد وصول کرنے کے لیے اہل بن سکیں۔ رپورٹ کے مطابق یہ عمل نئے متعارف (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 14)

کراچی: وزیراعلیٰ سندھ پولیو کے خاتمے سے متعلق اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

اسٹاک مارکیٹ انڈیکس نئی بلند ترین سطح 1 لاکھ 69 ہزار پوائنٹس چھو کر واپس

92 فیصد حصص کی قیمتوں میں کمی تاہم مالیت میں 5 ارب 19 کروڑ روپے کا اضافہ، 500 پوائنٹس بڑھ کر 168990 پر آگیا

انٹر بینک میں ڈالر صرف ایک پیسے سستا، اوپن مارکیٹ میں قدر برقرار، ایک تولہ سونا بغیر تبدیلی کے 4 لاکھ 7 ہزار 778 روپے پر مستحکم

تاجر برادری حکومت اور سیکورٹی اداروں کیساتھ کھڑی ہے، زاہد حسین

بڑھتی ہوئی دہشت گردی غیر ملکی سرمایہ کاری کی راہ میں بڑی رکاوٹ بن رہی ہے

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) ایف پی سی سی آئی کی پالیسی ایڈوائزری بورڈ کے چیئرمین میاں زاہد حسین نے کہا ہے کہ مسلح افواج اور سیکورٹی ادارے اپنی جانوں کا نذرانہ دے کر عوام کو تحفظ فراہم کر رہے ہیں۔ بڑھتی ہوئی دہشت گردی نہ صرف ملکی سرمایہ کاروں کے اعتماد کو ٹھیس پہنچا رہی ہے بلکہ براہ راست غیر ملکی سرمایہ کاری کی راہ میں بڑی رکاوٹ بن رہی ہے، تاجر (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 15)

کراچی میں 11 اکتوبر سے دودھ فی لیٹر 300 روپے فروخت کرنے کا اعلان

کمشنر کراچی کے دفتر میں اجلاس کے دوران فی لیٹر دودھ کی لاگت 271 روپے، نوٹیفکیشن جاری نہیں کیا گیا، شاکر عمر گجر

نئی قیمت کا نوٹیفکیشن جاری کیا جائے، بصورت دیگر 11 اکتوبر سے قیمتوں میں اضافہ کردیا جائیگا، سندھ حکومت کو کھلا چیلنج

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) ڈیری اینڈ کیٹل فارمرز ایسوسی ایشن کے صدر شاکر عمر گجر نے جوان دنوں امریکا کے دورے پر ہیں، میڈیا کو جاری ویڈیو بیان کے ذریعے کراچی میں دودھ کی قیمت میں یکدم 80 روپے کے اضافے کا اعلان کرتے ہوئے انتظامیہ اور سندھ حکومت کو کھلا چیلنج کردیا ہے۔ انہوں نے (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 21)

سی اے اے نے سیرین ایئر لائن کا فضائی آپریشن معطل کردیا

ایئر لائن کے پاس موجود طیاروں میں سے ایک بھی اڑان کے قابل نہیں، ترجمان سیرین ایئر لائن

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان سول ایوی ایشن اتھارٹی نے ملکی نجی ایئر لائن سیرین امیر کا آمیز آپریٹر سرٹیفکیٹ معطل کردیا۔ ذرائع کے مطابق سی اے اے انتظامیہ کی طرف سے ایئر (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 16)

غیر قانونی سگریٹس معاشی و مالی استحکام کیلئے خطرہ بن گئے

خزانے کو 400 ارب روپے نقصان، معیشت بھی متاثر ہورہی ہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) غیر قانونی سگریٹس کی بڑھتی تجارت معیشت کیلئے چیلنج جبکہ مالی استحکام کیلئے خطرہ بن گئی۔ ماہرین کے مطابق قانونی کاروبار کرنیوالی تمباکو کمپنیاں سالانہ تقریباً 270 ارب روپے ٹیکس ادا کرتی ہیں، جبکہ سگریٹ کی بلیک مارکیٹ قومی خزانے کو سالانہ (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 22)

میٹا نے پاکستان میں انسٹا روڈ میپ متعارف کرادیا

فیچر سے صارفین کو اپنی لوکیشن شیئر کرنے اور نوٹسز کو لوکیشن کے ساتھ ایکسپلور کرنے میں مدد ملے گی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) میٹا نے حال ہی میں پاکستان میں انسٹا روڈ میپ متعارف کرادیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق میٹا نے پاکستان میں انسٹاگرام میپ کے اجرا کا اعلان کیا ہے جو صارفین کو ایک نیا، انٹرایکٹو طریقہ فراہم کرتا ہے تاکہ وہ نیا اور دلچسپ مواد تلاش کریں اور دوستوں سے جڑے رہیں تاہم ساتھ ہی مضبوط پرائیویسی کنٹرولز بھی برقرار رکھیں۔ یہ فیچر (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 17)

استعمال شدہ گاڑیوں کی درآمد پر 40 فیصد اضافی ڈیوٹی عائد

آل پاکستان موٹر ڈیلرز ایسوسی ایشن کا حکومت سے فیصلے پر نظر ثانی کا مطالبہ

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) حکومت نے استعمال شدہ گاڑیوں کی درآمد پر 40 فیصد اضافی ریگولیٹری ڈیوٹی عائد کردی، وفاقی کابینہ کی منظوری کے بعد ایف بی آر نے نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔ نوٹیفکیشن کے مطابق استعمال شدہ گاڑیوں کی کمرشل درآمد پر 40 فیصد اضافی ڈیوٹی لگے گی، جو پہلے سے عائد ڈیوٹی کے علاوہ اور 30 جون 2026 تک نافذ العمل رہے (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 18)

سندھ میں ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی پر بھاری جرمانے نافذ

اوورا سپیڈنگ، بغیر لائسنس ڈرائیونگ، غلط سمت میں گاڑی چلانے پر کارروائی ہوگی

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) حکومت سندھ نے موٹر وہیکلز آرڈیننس 1965 کی شق 121-اے کے تحت بارہویں شیڈول میں ترمیم کرتے ہوئے صوبے بھر میں ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی پر بھاری جرمانے اور ڈی میرٹ پوائنٹس کا نیا نظام نافذ کردیا ہے۔ سندھ کے (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 20)

اسلام آباد: نیشنل پریس کلب میں پولیس اہلکار صحافیوں پر تشدد کررہے ہیں جبکہ اہلکار کلب کے کیفے ٹیریا میں توڑ پھوڑ کررہے ہیں

اٹلی میں فلسطینیوں کے ساتھ اظہار یکجہتی کے لیے احتجاجی مظاہرہ کیا جارہا ہے، چھوٹی تصویر میں برازیل میں غزہ کے شہید بچوں کی تصویریں نصب ہیں

صنعت وتجارت کا حقیقی ترجمان

ہفت روزہ

تجارت نیوز کراچی

چیف ایڈیٹر: سیّد وحید شاہ ایڈیٹر: محمد صغیر

جلد نمبر 25۔(شمارہ نمبر 41) 06 تا 12 اکتوبر 2025 فون-0307-0610770 E-MAIL:info@tigaratnews.tv

کیا پاکستان 1 ٹریلین ڈالر کی معیشت بن سکے گا؟

اس وقت وطن عزیز اپنے معاشی سفر کے دوران ایک اہم دوراہے پر کھڑا ہے۔سال رواں 411ارب ڈالر کا جی ڈی پی رکھنے کے ساتھ ملک میں معاشی ترقی کرنے کی بے پناہ صلاحیت موجود ہے۔مسئلہ یہ کہ فی الحال آئی ٹی سیکٹر جی ڈی پی میں صرف ایک فی صد (3.5ارب ڈالر) کا حصّہ ڈالتا ہے لیکن پاکستان اے آئی (مصنوعی ذہانت) کے بطن سے پھوٹنے والی معاشی تبدیلیاں قبول کر لے، تو اِس حصّے میں تیزی سے اضافہ ہوسکتا ہے۔مثال کے طور پر اے آئی دوستانہ پالیسیاں اپنانے، ضروری ٹیکنالوجی پر درآمدی ڈیوٹی میں کمی اور اَے آئی صنعتوں کے لیے بجلی کے خصوصی ٹیرف وضع کرنے سے پاکستان اگلی دہائی میں ایک ٹریلین ڈالر کی اقتصادی ترقی غیر مقفل کرسکتا ہے۔مصنوعی ذہانت اب مستقبل کا محض تصوّر نہیں، یہ جدید معیشتوں کی ریڑھ کی ہڈی بن رہی ہے۔چین، ریاستہائے متحدہ اَور بھارت جیسے ممالک نے جدت طرازی، صنعتی پیداواری صلاحیت بڑھانے اور برآمدات میں اضافے کے لیے اے آئی سے بھرپور فائدہ آٹھایا ہے۔پاکستان کو آن کی پیروی کرنی چاہیے ورنہ پیچھے رہ جانے کا خطرہ ہے۔پاکستان کا موجودہ ریگولیٹری فریم ورک اے آئی کمپنیوں کے لیے ترقی کرنا مشکل بناتا ہے۔جی پی یو ایس (GPUs) اے آئی چپس اور اَعلیٰ کارکردگی والے کمپیوٹنگ آلات پر درآمدی ڈیوٹی حد سے بہت زیادہ ہے جو ملک میں سرمایہ کاری کو آنے سے روکتی ہے۔ڈیوٹی فری اے آئی درآمدی پالیسی پاکستانی اسٹارٹ اپس اور تحقیقی اداروں کے لیے لاگت کم کرے گی جس سے وہ عالمی سطح پر مقابلہ کرسکیں گے۔مزید براں مہنگی بجلی بھی پاکستان میں اے آئی کی ترقی میں بڑی رکاوٹ بنی ہوئی ہے۔توانائی کے زیادہ اَخراجات اور بجلی کی کمی ڈیٹا سنٹرز اور اَے آئی سے چلنے والی کمپنیوں کو موثر طریقے سے کام کرنے سے روکتی ہے۔وقف شدہ بجلی کی پالیسی اور اَے آئی صنعتوں کے لیے سبسڈی والی توانائی کی شرحیں عالمی سرمایہ کاروں کو راغب کریں گی۔نیز اے آئی سے چلنے والی مقامی تحقیق اور ترقی (R&D) کو فروغ دے گی۔مضبوط ٹیک ٹیلنٹ پول ہونے کے باوجود پاکستان کی آئی ٹی برآمدات محض 3.5 بلین ڈالر ہیں۔اِس کے برعکس پڑوسی ملک بھارت 2025ء ؁ میں آئی ٹی کی برآمدات میں 220ارب ڈالر کا ہندسہ عبور کرنے کو تیار ہے۔یہ فرق ٹیلنٹ کی کمی نہیں بلکہ پاکستان میں اے آئی اور آئی ٹی کی ترقی میں معاون بنتی سرکاری پالیسیوں کی عدم موجودگی عیاں کرتا ہے۔اگر پاکستان فری لانسرز کے لیے ٹیکس کی رکاوٹیں ہٹاتا ہے، پیپال اور اسٹرایپ جیسے ادائیگی کے حل آسان کرتا ہے اور اَے آئی دوستانہ ریگولیٹری پالیسیاں متعارف کراتا ہے، تو آئی ٹی کی برآمدات 2035ء تک 50 سے 100 ارب ڈالر تک بڑھ سکتی ہیں۔ٹیک اسپیشل اکنامک زونز (SEZs) کا قیام جن میں اے آئی اسٹارٹ اپ پر صفر ٹیکس لگتا ہے، پاکستان کی ڈیجیٹل معیشت میں سرمایہ کاری کو مزید فروغ دے گا۔پاکستان کے فروغ پذیر اے آئی ماحولیاتی نظام کو جدید ترین ڈیجیٹل انفراسٹرکچر کی ضرورت ہے۔اے آئی سرمایہ کاری میں سرِفہرست ممالک جیسے متحدہ عرب امارات، چین اور اَمریکا نے اے آئی سے چلنے والے سمارٹ شہر بنا، تیز رفتار اِنٹرنیٹ نیٹ ورکس چلا اور اَے آئی پر مبنی عوامی خدمات دے کر شہرت پائی ہے۔پاکستان کو اَپنا ہدف حاصل کرنے کے لیے جامع ماڈل پر عمل کرنا چاہیے۔آسے تیز رفتار اَے آئی ایپلی کیشنز فعال کرنے اور خودکار پبلک ٹرانسپورٹ، سمارٹ گرڈز اور ڈیجیٹل گورننس کے ساتھ اے آئی سے چلنے والے سمارٹ شہروں کی تعمیر کے لیے فائیو جی اور فائبر آپٹک نیٹ ورکس کو وسعت دینا چاہیے۔صحت کی دیکھ بھال، فنٹیک، زراعت اور سیکورٹی میں پیش رفت کو فروغ دینے کے لیے حکومت کی حمایت یافتہ اے آئی انوویشن لیبز کا آغاز کرنا چاہیے۔پاکستان کا صنعتی شعبہ جی ڈی پی میں 75 بلین ڈالر سے زیادہ کا حصّہ ڈالتا ہے، لیکن یہ آٹومیشن اور اَے آئی اپنانے میں پیچھے ہے۔چین، ویتنام اور بھارت جیسے عالمی مینوفیکچرنگ پاور ہاوسز کا مقابلہ کرنے کے لیے ہمیں اپنے ٹیکسٹائل، آٹو اور زراعت کے شعبوں میں اے آئی، روبوٹکس اور آئی او ٹی (انٹرنیٹ آف تھنگز) ضم کرنا ہوں گے۔اے آئی سے چلنے والے مینوفیکچرنگ ہب کارکردگی اور پیداوار بڑھا سکتے ہیں۔ڈرون کی بنیاد پر درست کھیتی پانی کا استعمال اور فصل کی پیداوار بہتر بنائے گی۔ٹیکسٹائل کی پیداوار میں روبوٹکس متعارف کرانے سے لاگت کم کرا اور معیار بہتر بنا سکتے ہیں۔اے آئی اپنانے کے لیے پاکستان کو سرمایہ کاری دوست پالیسیوں کی ضرورت ہے۔سعودی عرب اور متحدہ عرب امارات جیسے ممالک اے آئی اور ڈیٹا سے چلنے والی صنعتوں میں اربوں کھربوں روپے لگا رہے ہیں۔پاکستان اے آئی سے چلنے والے اسٹارٹ اپس اور ٹیک سرمایہ کاروں کے لیے پانچ تا دس سال کی ٹیکس چھوٹ کی پیشکش کرے۔اسٹارٹ اپس، فنٹیک اور ڈیپ ٹیک کمپنیوں کو سپورٹ کرنے کے لیے ایک بلین ڈالر کا اے آئی سرمایہ کاری فنڈ تشکیل دے۔یوں وہ خود کو اَے آئی دوستانہ سرمایہ کاری کے مرکز کے طور پر نمایاں کرسکتا ہے۔کاروباری رجسٹریشن ہموار کرنا اور غیر ملکی اے آئی سرمایہ کاروں کے لیے بیوروکریٹک رکاوٹیں کم کرنا بھی بہت ضروری ہے۔

امریکی سائنس دانوں نے بجلی پیدا کرنے والا کنکریٹ تیار کرلیا

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکی سائنس دانوں نے ایک نیا کنکریٹ تیار کیا ہے جس سے بنی عمارتیں اور سڑکیں گھروں کو اور برقی گاڑیوں کو فراہم کرنے والی بیٹریوں کے طور پر کام کرسکیں گی۔میساچوسیٹس انسٹیٹیوٹ آف ٹیکنالوجی (ایم آئی ٹی) کے سائنس دانوں (جنہوں نے 2023 میں



جدید جنریشن کا انرجی اسٹوریج سسٹم پہلی بار دریافت کیا تھا) نے کچھ ایسا دریافت کیا ہے جس سے یہ سسٹم 10 گنا مزید طاقتور بن جائے گا۔اس دریافت کا مطلب ہے کہ ایک اوسط گھر کو اپنی توانائی کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے تقریباً 5 مکعب میٹر مٹیریل کی ضرورت ہوگی۔یہ کنکریٹ بیٹری سمنٹ، پانی، کاربن بلیک اور الیکٹرولائٹ سے مل کر کام کرتی ہے۔یہ مرکبات مل کر مٹیریل کے اندر بجلی ذخیرہ کرنے اور خارج کرنے کے لیے کنڈکٹیو 'نینوٹیوبز' بناتے ہیں۔ایم آئی ٹی کے سول اور انوائرنمنٹل انجینئرنگ کے ایسوسی ایٹ پروفیسر اور کو-ڈائریکٹر ایڈمر میسک کا کہنا تھا کہ کنکریٹ کی پائیداری کے لیے ایسا کنکریٹ بنانا ہوگا جو توانائی ذخیرہ کرنے، اپنی مرمت خود کرنے اور کاربن جذب کرنے جیسی متعدد صلاحیت رکھتا ہوگا۔ان کا کہنا تھا کہ کنکریٹ دنیا کا سب سے زیادہ استعمال ہونے والا تعمیراتی مٹیریل ہے، اس لیے اس سے دیگر فوائد حاصل کرنے چاہئیں ہوں۔

سائنس دانوں نے بیٹری کو تیزی سے چارج کرنیکا طریقہ ڈھونڈ نکالا

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) ایم آئی ٹی کے محققین نے برقی گاڑیوں اور ڈیوائسز کو تیزی سے چارج کرنے کا طریقہ ڈھونڈ نکالا۔تازہ ترین

دریافت تمام تھیم آئن بیٹریوں کے بنیادی ری ایکشن سے تعلق رکھتی ہے۔اسمارٹ فون سے لے کر برقی گاڑیوں تک کو توانائی فراہم کرنے والی یہ بیٹریاں تھیم آئنز نامی ذرات کو سولڈ الیکٹروڈز کے اِن اور آؤٹس میں حرکت دے کر کام کرتی ہیں۔یہ عمل بیٹری کی زندگی میں ہزاروں بار ہوتا ہے۔اس ری ایکشن کی رفتار اس بات کا تعین کرتی ہے کہ بیٹری کتنی جلدی چارج ہوتی ہے اور کتنی توانائی فراہم کرسکتی ہے۔تاہم، ایم آئی ٹی کے محققین نے تحقیق میں دیکھا کہ یہ ری ایکشن 'کپلڈ آئن-الیکٹرون ٹرانسفر' نامی عمل پر انحصار کرتا ہے۔اس طرح تھیم آئنز نامی ذرات الیکٹروڈ میں مؤثر انداز میں حرکت کرتے ہیں۔

سمشی توانائی یورپی یونین میں بجلی کا مرکزی ذریعہ بن گئی

بیجنگ (مانیٹرنگ ڈیسک) ایک تازہ ترین رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ تاریخ میں پہلی بار رواں برس جون میں یورپی یونین میں سب سے زیادہ بجلی

سمشی توانائی سے بنائی گئی ہے۔توانائی کے قابلِ تجدید ذریعے سے یورپی یونین میں مجموعی بجلی کا 22 فی صد حصہ پیدا کیا گیا، جو کہ نیوکلیئر توانائی سے پیدا کی گئی 21.6 فی صد بجلی سے زیادہ تھی۔یوروا سٹیٹ (یورپی یونین کا شماریاتی ادارہ) کی جانب سے جاری کیے گئے اعداد و شمار سے ظاہر ہوتا ہے کہ 2025 کے دوسرے سہ ماہی میں یورپی یونین کی بجلی کی پیداوار کا نصف سے زیادہ حصہ قابلِ تجدید ذرائع سے حاصل کیا گیا۔یورپ کے تین ممالک نے اپنی 90 فی صد سے زیادہ بجلی قابلِ تجدید ذرائع سے پیدا کی جبکہ 15 ممالک نے گزشتہ برس اس دورانیے کے مقابلے میں اپنی قابلِ تجدید توانائی کی پیداوار کی صلاحیت میں اضافہ کیا۔یورو اسٹیٹ رپورٹ کے مطابق بجلی کی پیداوار میں سب سے زیادہ حصہ ڈنمارک (94.7 فی صد) کا رہا۔

دبئی کے کیفے نے مہنگے ترین کافی کپ کا عالمی ریکارڈ حاصل کرلیا

دبئی (مانیٹرنگ ڈیسک) دبئی کے ایک کیفے نے ''سب سے مہنگی کافی کی پیالی'' کا عالمی ریکارڈ حاصل کرلیا ہے۔کیفے کا نام روسٹرز اسپیشلٹی کافی ہاؤس ہے

جو دبئی کا مقامی برانڈ ہے۔ جہاں ایک کپ کافی 2,500 درہم کے عوض پیش کی گئی ہے۔یہ قیمت امریکی کرنسی میں تبدیل کی جائے تو تقریباً 680 ڈالرز بنتے ہیں۔ یہ کپ صرف کافی نہیں بلکہ ایک مکمل ''لگژری تجربہ'' تھا۔کافی میں استعمال کیا گیا بیج پاناما میں گیشا نامی کافی کے بیج تھے جو خصوصی اسرالڈا فارم سے حاصل کیے گئے تھے۔ یہ کافی کی دنیا میں اپنی نایابیت اور عمدہ ذائقے کے لیے مشہور ہے۔کافی ہاتھ سے تیار کی گئی جس میں درجہ حرارت پر کنٹرول رکھنے والی کیتلی، مخصوص ڈرپر اور تازہ پسے ہوئے بیج استعمال کیے گئے۔اسے پیش کرنے کا طریقہ بھی خاص تھا۔سروس ٹیبل جاپان سے لائی گئی تھی جو برکافی کو رکھ کر پیش کیا گیا۔ یہ واقعہ صرف قیمت کا ریکارڈ نہیں بلکہ انوکھے تجربے کا بھی اشارہ ہے جہاں لوگ صرف کافی پینے سے بڑھ کر اسے پینے کے تجربے کے لیے پیسے خرچ کرتے ہیں۔

دنیا کے مختلف ممالک کا کرنسی ریٹ

Currency	Symbol	Buying	Selling
U.S. Dollar	USD	283.60 PKR	284.10 PKR
Euro	EUR	327.75 PKR	329.20 PKR
British Pound	GBP	379.20 PKR	380.70 PKR
UAE Dirham	AED	77.20 PKR	77.35 PKR
Saudi Riyal	SAR	75.50 PKR	75.65 PKR
Kuwaiti Dinar	KWD	917.75 PKR	925.75 PKR
Canadian Dollar	CAD	202.50 PKR	207.50 PKR
Australian Dollar	AUD	180.50 PKR	185.50 PKR
Omani Riyal	OMR	735.80 PKR	738.30 PKR
Japanese Yen	JPY	1.90 PKR	2.00 PKR
Malaysian Ringgit	MYR	66.40 PKR	67.00 PKR
Qatari Riyal	QAR	77.05 PKR	77.75 PKR
Bahrain Dinar	BHD	751.25 PKR	753.75 PKR
Thai Bhat	THB	8.58 PKR	8.73 PKR
Chinese Yuan	CNY	39.01 PKR	39.41 PKR
Hong Kong Dollar	HKD	35.88 PKR	36.23 PKR
Danish Krone	DKK	43.60 PKR	44.00 PKR
New Zealand Dollar	NZD	162.53 PKR	164.53 PKR
Singapore Dollar	SGD	217.00 PKR	224.00 PKR
Norwegians Krone	NOK	27.47 PKR	27.77 PKR
Swedish Krona	SEK	29.08 PKR	29.38 PKR
Swiss Franc	CHF	347.32 PKR	350.07 PKR
Indian Rupee	INR	3.15 PKR	3.24 PKR

پاکستان میں مختلف قیراط کے سونے کے نرخ

Gold Purity	Per Tola	Per 10 Gram
24k	Rs. 409,500	Rs. 351,090
22k	Rs. 375,374	Rs. 321,830
21k	Rs. 358,316	Rs. 307,205
20k	Rs. 341,340	Rs. 292,651
18k	Rs. 307,127	Rs. 263,318
14k	Rs. 238,885	Rs. 204,810
12k	Rs. 238,885	Rs. 175,545

پاکستان کے مختلف شہروں میں چاندی کا ریٹ

Location	10 Grams	1 Tola
Pakistan	Rs. 4,355	Rs. 5,074
Karachi	Rs. 4,355	Rs. 5,074
Lahore	Rs. 4,355	Rs. 5,074
Islamabad	Rs. 4,355	Rs. 5,074
Rawalpindi	Rs. 4,355	Rs. 5,074
Peshawar	Rs. 4,355	Rs. 5,074
Quetta	Rs. 4,355	Rs. 5,074

CNG PRISE

Product	Retail Price
CNG Region-I (Khyber Pukhtunkhwa, Baluchistan, Potohar region; Islamabad, Rawalpindi and Gujar Khan)	Rs. 194 /Kg
CNG Region-II (Sindh and Punjab excluding Potohar region)	Rs. 194 /Kg

اسرائیل نے صمود فلوٹیلا کی آخری کشتی کو بھی روک لیا، 500 کارکنان گرفتار

غزہ (مانیٹرنگ ڈیسک) گلوبل صمود فوٹیلا کے امدادی قافلے میں 43 کشتیاں شامل تھیں جن میں 500 رضا کار سوار تھیا سرائیلی فورسز نے امدادی سامان سے لدے جہازوں کے قافلے کی آخری کشتی کو بھی غزہ میں داخل ہونے کی کوشش میں روک لیا۔بین الاقوامی خبر رساں ادارے رائٹرز کے مطابق 43 کشتیوں پر مشتمل اس بحری بیڑے کی تمام کشتیاں اور اس میں سوار تمام 500 رضا کاروں کو حراست میں لیا جا چکا ہے۔ان رضا کاروں میں دنیا کے نامور وکلا، پارلیمانی نمائندے اور انسانی حقوق کے کارکن شامل ہیں۔ عالمی ماحولیاتی کارکن گریٹا تھنبرگ اور پاکستان کے سابق سینیٹر مشتاق احمد بھی

شامل ہیں۔اسرائیلی میڈیا نے تصدیق کی ہے کہ گرفتار رضا کاروں کو صحرائے نقب کی کچریوت جیل (prisoKetzi) منتقل کیا جا رہا ہے، جہاں وہ ڈی پورٹیشن مکمل ہونے تک قید رہیں گے۔اب تک متعدد یورپی شہریوں کو واپس بھیجنے کی تیاری کی جا چکی ہے۔یاد رہے کہ اسرائیل نے 7 اکتوبر 2023 کے بعد سے غزہ کی ناکہ بندی کر رکھی ہے اور جنگ زدہ علاقے میں محصور فلسطینیوں تک امدادی سامان پہنچانے کی ہر کوشش کو جارحیت سے روک رہا ہے۔

امریکا: صفائی کے دوران ملنے والے ٹکٹ نے انعام جتوا دیا

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکا میں ایک خاتون کو گھر صاف کرتے ہوئے لاٹری کے ٹکٹوں سے بھرا ایک بکس ملا جس کے ایک ٹکٹ نے ان کو ایک لاکھ ڈالر جتوا دیے۔امریکی ریاست ورجینیا سے تعلق رکھنے والی الفریڈا ہاکنز نے ورجینیا لاٹری اہ فیشلز کو بتایا کہ وہ اپنے رچمنڈ شہر میں قائم گھر کی صفائی کر رہی تھیں جب انہیں اپنی الماری میں ایک بکس ملا جس میں بغیر کھرچے کچھ ٹکٹ ملے۔جلد ہی انہیں معلوم ہوا کہ بکس میں موجود ایک ٹکٹ نے ایک لاکھ ڈالر کا انعام جتوا دیا۔انہوں نے کہا کہ انعامی رقم سے متعلق انہوں نے کوئی فیصلہ نہیں کیا۔

برازیل کی مشہور پنیر جس میں ذائقے کیلیے چیونٹیاں ملائی جاتی ہیں

برازیل (مانیٹرنگ ڈیسک) برازیل میں ایک منفرد اور کچھ عجیب سی ڈش عوام میں مقبول ہے، جو کہ چینٹیوں پر مبنی ایک پنیر ہے۔یہ پنیر عام گائے کے دودھ سے بنایا جاتا ہے لیکن اس میں خاص قسم کی کھانے کے قابل چیونٹیاں ملائی جاتی ہیں۔یہ چیونٹیاں بنیادی طور پر ایمازون کے جنگلات سے آتی ہیں اور ان کا ذائقہ لیموں یا مصالحہ دار جڑی بوٹیوں جیسا ہوتا ہے۔مقامی شیفز اور کسان اسے ایک گورمیٹ فوڈ کے طور پر پیش کرتے ہیں اور برازیل کے کچھ ریسٹورنٹس میں یہ خاص پنیر کافی مہنگے داموں بکتا ہے۔لوگ کہتے ہیں کہ اس پنیر میں چیونٹیوں کی خوشبو اور ہلکی سی کھٹاس پنیر کے ذائقے کو منفرد اور مزیدار بنا دیتی ہے۔یہ رجحان برازیل کی ایکسپیریمنٹل کُزین اور مقامی روایتی خوراک کو جدید انداز میں پیش کرنے کے طور پر متعارف کرایا گیا ہے۔

امریکا میں مشتبہ شہاب ثاقب گرتا ہوا سیٹلائٹ نکلا

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکا میں آسمان پر نمودار ہونے والا مشتبہ شہاب ثاقب اسٹارلنک سیٹلائٹ کی باقیات نکلیں۔امریکا کی میٹیو رسوسائٹی (اے ایم ایس) کو امریکی ریاست جنوبی کیلیفورنیا اور نیواڈا کے آسمان پر شام 7 بجکر 50 منٹ پر شہاب ثاقب دیکھنے کی 200 سے زیادہ رپورٹس موصول ہوئیں، جبکہ کسی بھی شہاب ثاقب کا دیکھا جانا متوقع نہیں تھا۔اے ایم ایس نے بتایا کہ آسمان پر دیکھی جانی والی شے شہاب ثاقب نہیں بلکہ اسٹار لنک کا سیٹلائٹ تھا۔

21 سالہ ٹک ٹاک اسٹار اپنے گھر میں مردہ پائی گئی

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) وسطی امریکی ملک ہنڈورس کی 21 سالہ ٹک ٹاک اسٹار گھر میں مردہ پائی گئیں وسطی امریکی ملک ہنڈوراس میں معروف ٹک ٹاک اسٹار اور ٹی وی میزبان جینیفر نکول ریواس اپنے گھر میں مردہ حالت میں پائی گئیں۔عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق 21 سالہ جینیفر ہنڈوراس کے دارالحکومت ٹیگوسی گالپا کے ایک پُرتعیش علاقے میں رہتی تھیں۔جینیفر نکول نہ صرف ایک سوشل میڈیا اسٹار تھیں بلکہ وہ سی ایچ ٹی وی چینل پر بطور میزبان بھی جلوہ گر ہوئیں۔اپنی موت سے محض ایک دن قبل جینیفر نے انسٹاگرام پر ایک تصویر شیئر کی تھی جس میں وہ "پکل بال کورٹ" میں کھیل کی تیاری کرتی نظر آئیں۔ان کی اچانک موت نے مداحوں اور ساتھی تخلیق کاروں کو شدید صدمے سے دوچار کر دیا۔ کئی مداحوں نے سوشل میڈیا پر تعزیتی پیغامات بھیجے۔مقامی میڈیا نے اطلاع دی ہے کہ جینیفر نکول مرگی کے مرض میں مبتلا تھیں اور باقاعدگی سے ادویات لے رہی تھیں۔پولیس نے ابتدائی تحقیقات میں موت کو طبعی قرار دیا اور امکان ظاہر کیا کہ یہ واقعہ مرگی کے دورے کے باعث پیش آیا۔

آئی فون خریدنے کیلئے اپنا گردہ بیچنے والا شخص تاحیات بڑی مشکل میں پھنس گیا

اسہوئی (مانیٹرنگ ڈیسک) چین کے صوبے اسہوئی کے شہری نے محض 17 سال کی عمر میں آئی فون خریدنے کی خواہش پوری کرنے کے لیے اپنا گردہ بیچا تھا اور اب کئی سال بعد اس کی قیمت چکا رہے ہیں اور انہیں طبی حوالے سے تاحیات معذور قرار دیا گیا ہے۔غیر ملکی میڈیا کی رپورٹ کے مطابق اسہوئی کے شہری وانگ شینگکون 2011 میں 17 سال کے تھے اور انہیں آئی فون 4 خریدنے کا شوق تھا لیکن غربت کی وجہ سے وہ اپنا خواب پورا نہیں کر پا رہے تھے اور اس وقت آئی فون 4 کو اسٹیٹس اور دولت کا نمونہ سمجھا جاتا تھا۔وانگ شینگکون کو آن لائن پوسٹس پڑھنے کے بعد اپنا خواب پورا کرنے کے لیے کچھ غیر معمولی کام کرنے کی سوجھی اور غیر قانونی سرجری کے ذریعے اپنا ایک گردہ بیچنے کے لیے تیار ہوگیا اور اس آپریشن کے بدلے انہیں 20 ہزار یوآن دیے گئے۔انہوں نے اس رقم سے آئی فون 4 اور آئی پیڈ 2 خریدا لیکن جلد ہی ان کی صحت بگڑنے لگی، انہیں تشویش ناک انفیکشن ہوا، جس کے نتیجے میں ان کا دوسرا گردہ بھی کمزور ہونے لگا۔رپورٹ میں بتایا کہ اس وقت جب ان کی والدہ نے دیکھا کہ بیٹے کے پاس انتہائی مہنگا فون ہے تو ان سے پوچھا تو وانگ شینگکون نے سچ بتا دیا اور اپنی والدہ کو دکھی کر دیا اور دوسری جانب خود ان کی صحت مزید خراب رہنے لگی اور بعد ازاں ڈاکٹروں نے انہیں طبی بنیاد پر تاحیات معذور قرار دیا۔حکام نے کارروائیوں کے دوران غیر قانونی سرجریز کرنے والے گینگ کو پکڑ لیا اور مدد کرنے پر وانگ شینگکون کو 1.48 ملین یوآن معاوضہ دیا۔

جرمن خاتون گاڑی کی ڈگی میں گھوڑا لے جاتے ہوئے پکڑی گئیں

میڈرڈ (مانیٹرنگ ڈیسک) جرمنی میں ایک حیران کن واقعہ سامنے آیا ہے جہاں پولیس نے ایک خاتون کو اس وقت روک لیا جب وہ اپنی

منظر دیکھ کر دوسرے ڈرائیوروں نے فوراً حکام کو اطلاع دی۔ابتدائی تفتیش میں پتا چلا کہ خاتون گھوڑے کو دوسرے شہر لے جانے کی کوشش کر رہی تھیں مگر ان کے پاس نہ تو مناسب ٹریلر تھا اور نہ ہی جانور کو لے جانے کا اجازت نامہ۔پولیس نے خاتون کے خلاف جانوروں کے ساتھ غیر انسانی سلوک اور ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی کے تحت کارروائی شروع کردی ہے۔

کار کی ڈگی میں زندہ گھوڑا لے جا رہی تھیں۔پولیس کے مطابق خاتون نے گھوڑے کو کار کی پچھلی سیٹ اور ڈگی کے درمیان پھنسایا ہوا تھا۔دلچسپ بات یہ کہ گاڑی کی ڈگی کا دروازہ بھی پوری طرح بند نہیں ہو پا رہا تھا۔یہ

اسرائیل نے امریکی سوشل میڈیا انفلوئنسرز کو خریدنا شروع کردیا

اسرائیل ٹرمپ کے سابق ڈیجیٹل اسٹریٹجسٹ بریڈ پارسکیل کو ماہانہ 15 لاکھ ڈالر دے رہا ہے

تل ابیب (مانیٹرنگ ڈیسک) غزہ میں جاری کارروائیوں پر بڑھتی ہوئی عالمی مخالفت اور دباؤ سے نکلنے کے لیے اسرائیل نے امریکی سوشل میڈیا انفلوئنسرز کو اپنے حق میں استعمال کرنا شروع کر دیا ہے۔میڈیا رپورٹس کے مطابق اسرائیلی حکومت انفلوئنسرز کو فی پوسٹ 7 ہزار ڈالر تک ادا کر رہی ہے تاکہ وہ سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پر اسرائیل کے حق میں مواد شیئر کریں۔امریکی فارن ایجنٹس رجسٹریشن

ایکٹ کی دستاویزات سے انکشاف ہوا ہے کہ یہ فنڈنگ حکومتِ اسرائیل ہیوس (Havas) میڈیا گروپ کے ذریعے کر رہی ہے۔بتایا گیا ہے کہ 9 لاکھ ڈالر کے ابتدائی بجٹ کا نصف امریکی انفلوئنسرز کی بھرتی اور تربیت پر خرچ کیا جا رہا ہے۔مزید یہ بھی سامنے آیا ہے کہ اسرائیل ٹرمپ کے سابق ڈیجیٹل اسٹریٹجسٹ بریڈ پارسکیل کو ماہانہ 15 لاکھ ڈالر دے رہا ہے تاکہ وہ مصنوعی ذہانت کے ذریعے ہزاروں اسرائیل حامی پیغامات تخلیق کریں۔گزشتہ ہفتے اسرائیلی وزیراعظم بنیامین نیتن یاہو نے نیویارک میں امریکی سوشل میڈیا انفلوئنسرز کے ایک گروپ سے ملاقات بھی کی۔اس موقع پر ان سے سوال کیا گیا کہ وہ اسرائیل کی گرتی ہوئی حمایت کو کیسے بحال کریں گے؟ اس پر نیتن یاہو نے جواب دیا کہ ہمیں مقابلہ کرنا ہوگا اور یہ مقابلہ ہم انفلوئنسرز کے ذریعے کریں گے۔

بقیہ 1 تجارت نیوز

کے اہداف اور IMF سے کیش سر پلس کے اہداف میں با ضابطہ طور پر ریلیف طلب کیا تھا۔ دوسری جانب حکومتی ذرائع نے کہا کہ آئی ایم ایف نے ابھی تک نے پر اتفاق نہیں کیا۔ ذرائع کے مطابق آئی ایم ایف کا موقف وفاق اور صوبائی حکام کے ساتھ اچھا نہ امدد کے بغیران اخراجات کو پورا کرنے کے چیلنج کا سامنا کر رہے ہیں۔ اگر بجٹ ایڈجسٹمنٹ کو قبول کر لیا جاتا ہے تو یہ وفاقی حکومت کے ہاتھ باندھ دے گا جو پہلے ہی مالیاتی چیلنجوں کا سامنا کر رہی ہے جبکہ ایسے واقعات بھی سامنے آئے ہیں کہ آئی ایم ایف نے غیر متوقع اخراجات کو پورا کرنے کے لیے کچھ دوسرے مما لک میں اہداف میں نرمی کی۔ ذرائع نے بتایا کہ ان بات چیت کے دوران یہ بات سامنے آئی کہ سیلاب سے آمدنی اور اخراجات پر کم از کم 500 ارب روپے کا اثر پڑتا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ آئی ایم ایف ان ایڈجسٹمنٹ کی اجازت دینے کے لیے تیار ہے۔ ذرائع کا مزید کہنا تھا کہ آئی ایم ایف وفاقی حکومت کے نان ٹیکس ریونیو اور پنجاب کے زرعی انکم ٹیکس کے ہدف کو کم کرنے کے لیے بھی تیار ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ آئی ایم ایف نے یہ بھی اندازہ لگایا ہے متعلقہ لاگت کی وجہ سے صوبائی اخراجات میں بھی تقریبا 150 ارب روپے کا اضافہ ہوسکتا ہے۔ آئی ایم ایف نے تجویز دی ہے کہ وفاقی حکومت کو ایک اور 50 ارب روپے کی کوئی کرنی چاہیے۔ ذرائع نے بتایا کہ پاکستانی حکام کا خیال تھا کہ پاکستان کو بجٹ میں ایڈجسٹمنٹ کی اجازت دینے کے بجائے اضافی مالیاتی جگہ فراہم کی جانی چاہیے۔ آئی ایم ایف اس مرحلے پر اضافی جگہ فراہم کرنے سے گریزاں تھا۔ اس ضمن میں پنجاب کی وزیر اطلاعات عظمیٰ بخاری نے کہا کہ حکومت اپنے وعدے کو پورا کرنے کے لیے پرعزم ہے۔ ایکسپریس ٹریبیون کے ایک سوال کا عظمیٰ بخاری نے کہا کہ پنجاب 740 ارب روپے کے تخمینہ شدہ صوبائی حصے کے لیے پرعزم ہے۔ ایک اور سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ پنجاب نے آئی ایم ایف کو یہ نہیں بتایا کہ اس نے 740 ارب روپے کا اضافی ہدف حاصل کیا ہے۔ پروگرام کے تحت پنجاب کا 740 ارب روپے کا کیش سرپلس وفاقی حکومت کی بنیادی بجٹ سرپلس ظاہر کرنے کی شرط کو پورا کرنے کی صلاحیت کے لیے بہت اہم ہے۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب کو توقع ہے کہ ایف بی آر اپنا 141 کھرب روپے کا ہدف حاصل کرلے گا اور اب تک کی کمی کو پورا کرلے گا۔ ذرائع کا کہنا تھا کہ گزشتہ مالی سال میں حکومت کو ایف بی آر کے مجموعی پرائمری بجٹ سرپاس ہدف پر کمی کے اثرات کو پورا کرنے کے لیے پٹرولیم لیوی کے نرخوں میں سرپا اضافہ کرنا پڑا۔ پچھلے مالی سال میں پنجاب حکومت کو ایف بی آر کی وجہ سے تقریبا 500 ارب روپے کا نقصان اٹھانا پڑا۔ ایک سوال کے جواب میں پنجاب کی وزیر اطلاعات نے کہا کہ ابھی تک سیلاب سے ہونے والے نقصانات کا جائزہ لینے کا سروے جاری ہے اور یہ سروے مکمل ہونے کے بعد پنجاب میں سیلاب کے بعد کے اخراجات کے حوالے سے بہتر نظر آئے گی۔

بقیہ 2 تجارت نیوز

سمندری طوفان شکتی کا فاصلہ کراچی سے 360 کلو میٹر رہ گیا، الرٹ کے مطابق آج طوفان مزید شدت اختیار کرنے کے بعد وسطی شمالی بحیرہ عرب میں پہنچے گا، اسکے نتیجے میں آج کراچی میں آندھی اور گرج چمک کے ساتھ ہلکی بارش کا امکان ہے جبکہ سمندر میں طغیانی کا اندیشہ ہے، ماہی گیروں کو 5 اکتوبر تک گہرے سمندر جانے سے گریز کا مشورہ دیا گیا ہے۔

بقیہ 3 تجارت نیوز

فیصد مہنگے ہوئے، اس کے علاوہ گھی، بیف، مٹن، دہی اور سگریٹس سمیت دیگر اشیا بھی مہنگی ہوئیں۔ دوسری جانب ایک ہفتے میں چکن 7.96 اور کیلے 0.78 فیصد سستے ہوئے، دالیں، آلو، کوکنگ آئل اور ایل پی جی سمیت دیگر اشیا کی قیمتیں بھی کم ہوئی ہیں۔ اعدادوشمار میں بتایا گیا ہے کہ حالیہ ہفتے کے دوران حساس قیمتوں کے اعشاریہ کے لحاظ سے سالانہ بنیاد پر 17 ہزار 732 روپے ماہانہ تک آمدنی رکھنے والے طبقے کے لیے مہنگائی میں اضافے کی رفتار 0.82 فیصد اضافے کے ساتھ 3.90 فیصد، 17 ہزار 733 روپے سے 22 ہزار 888 روپے ماہانہ تک آمدنی رکھنے والے طبقے کے لیے مہنگائی میں اضافے کی رفتار 0.76 فیصد اضافے کے ساتھ 4.04 فیصد ریکارڈ کی گئی۔ اسی طرح 22 ہزار 889 روپے سے 29 ہزار 517 روپے ماہانہ تک آمدنی رکھنے والے طبقے کے لیے مہنگائی میں اضافے کی رفتار 0.61 فیصد اضافے کے ساتھ 4.83 فیصد، 29 ہزار 518 روپے سے 44 ہزار 175 روپے ماہانہ تک آمدنی رکھنے والے طبقے کے لیے مہنگائی میں اضافے کی رفتار 0.57 فیصد اضافے کے ساتھ 4.86 فیصد اور 44 ہزار 176 روپے ماہانہ سے زائد آمدنی رکھنے والے طبقے کے لیے مہنگائی میں اضافے کی رفتار 0.49 فیصد اضافے کے ساتھ 3.35 فیصد رہی ہے۔

بقیہ 4 تجارت نیوز

کے حل کے لیے سفارشات پیش کی گئی ہیں ملکی ایل این جی مارکیٹ کو اسٹرکچرل، ریگولیٹری اور مسابقتی چیلنجز درپیش ہیں۔ رپورٹ کے مطابق ایل این جی درآمد، اسٹوریج اور ڈسٹری بیوشن میں سرکاری ملکیتی اداروں کی اجارہ داری ہے سخت لائسنسنگ و ٹیرف قواعد نجی اداروں کی مارکیٹ میں شمولیت میں رکاوٹ ہیں، انفرا اسٹرکچر تک محدود رسائی، ٹی پی اے قوانین کا سست نفاذ بڑی رکاوٹیں ہیں۔ ٹیرف ایڈجسٹمنٹ میں تاخیر سے جنوری 2024 میں گردشی قرضہ 2866 ارب تک جا پہنچا، سینٹرل کوآرڈینیشن کمیٹی کے ذریعے درآمدی کلیئرنس کے لیے ون اسٹاپ شاپ کا قیام ضروری ہے۔ ایل این جی ٹرمینلز اور پائپ لائنز کے لیے ٹی پی اے قوانین کا فوری نفاذ ہونا چاہیے، سوئی سدرن اور سوئی ناردرن کی ٹرانسمیشن اور ڈسٹری بیوشن کو الگ کیا جائے۔ رپورٹ کے مطابق 3 سالہ منصوبہ بنا کر گیس کی طلب کی پیش گوئی بہتر، نقصانات کم کیے جاسکتے ہیں۔ رپورٹ کا مقصد پالیسی سازی اور اصلاحاتی اقدامات کی راہ ہموار کرنا ہے، چیئرمین مسابقتی کمیشن آف پاکستان (سی سی پی) ڈاکٹر کبیر سدھو کا کہنا ہے کہ سفارشات پر عمل سے مارکیٹ تک رسائی، نجی سیکٹر کی شمولیت میں اضافہ ممکن ہے۔ کمپیٹیشن کمیشن آف پاکستان (سی سی پی) نے 'پاکستان میں ایل این جی سیکٹر میں مسابقت کی صورتحال' پر ایک تفصیلی جائزہ رپورٹ جاری کر دی ہے، جس میں ملکی ایل این جی مارکیٹ کو درپیش اسٹرکچرل، ریگولیٹری اور مسابقتی چیلنجز کا جائزہ لیا گیا ہے۔ کمیشن کے ریسرچ ڈیپارٹمنٹ نے وزارت خزانہ کی ہدایت پر یہ جائزہ رپورٹ تیار کی ہے جس میں پاکستان اسٹیٹ آئل، پاکستان ایل این جی لمیٹڈ، سوئی سدرن گیس کمپنی لمیٹڈ اور سوئی ناردرن گیس پائپ لائنز لمیٹڈ جیسے سرکاری ملکیتی اداروں کے ایل این جی مارکیٹ، ویلیو چین اور اس شعبے کی کارکردگی پر پڑنے والے اثرات کا تجزیہ بھی شامل کیا گیا ہے۔ جائزہ رپورٹ میں ایل این جی سیکٹر کو درپیش اہم چیلنجز کی نشاندہی کی گئی ہے، رپورٹ میں جن دیگر چیلنجز کا ذکر کیا گیا ہے ان میں انفراسٹرکچر تک محدود رسائی، تھرڈ پارٹی ایکسیس (ٹی پی اے) قوانین کے نفاذ میں سست رفتاری اور ٹیرف ایڈجسٹمنٹ اور آر ایل این جی کی منتقلی میں تاخیر کے باعث گردشی قرضے کا (جنوری 2024 کے مطابق) 2866 ارب روپے تک پہنچ جانا شامل ہیں۔ کمپیٹیشن کمیشن نے ایل این جی سیکٹر کی بہتری کے لیے اپنی رپورٹ میں عالمی بینک کی تجویز کردہ مارکیٹس و مسابقتی پالیسی کی روشنی میں چند سفارشات بھی پیش کی ہیں۔ ان میں سینٹرل کوآرڈینیشن کمیٹی کے ذریعے ایل این جی کی درآمدی کلیئرنس کے لیے ون اسٹاپ شاپ کا قیام، ایل این جی ٹرمینلز اور پائپ لائنز کے لیے ٹی پی اے قوانین کا فوری نفاذ، یکساں مواقع کی فراہمی کے لیے سوئی سدرن اور سوئی ناردرن کی ٹرانسمیشن اور ڈسٹری بیوشن کو الگ کرنا اور تین سالہ منصوبہ تشکیل دیکر گیس کی طلب کی درست پیش گوئی کو بہتر اور نقصانات (یو ایف جی) کو کم کرنا شامل ہیں۔ ایل این جی رپورٹ کے اجراء کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے چیئرمین کمپیٹیشن کمیشن ڈاکٹر کبیر احمد سدھو نے کہا کہ اس جائزہ رپورٹ کا مقصد پالیسی سازی میں مدد دینا اور اصلاحاتی اقدامات کی راہ ہموار کرنا ہے تا کہ مارکیٹ تک رسائی کو آسان، نجی شعبے کی شمولیت میں اضافہ اور انرجی سیکیورٹی کو یقینی بنایا جاسکے۔

بقیہ 5 تجارت نیوز

لسٹ کرنے کی منظوری دیدی ہے جس کے نتیجے میں فلپ مورس کمپنی شیئرز کا 6 اکتوبر 2025 سے پاکستان اسٹاک ایکس چینج سے انخلا ہوجائے گا۔ نوٹس کے مطابق کمپنی اسپانسرز نے فی شیئر 1300 روپے میں بائے بیک کی پیشکش کردی ہے اور کمپنی کی بائے بیک پیشکش 29 ستمبر 2026 تک کیلیے موثر بہ عمل ہوگی۔

بقیہ 6 تجارت نیوز

ڈیٹ نہیں کیا جائے گا، تاہم ہنگامی سیکیورٹی اور حفاظتی معلومات کی فراہمی جاری رہے گی۔ ترجمان نے واضح کیا کہ سفارت خانے اور قونصل خانوں میں پاسپورٹ اور ویزا خدمات "معمول کے مطابق جاری رہیں گی، صورتحال کے مطابق ان میں تبدیلی ممکن ہے۔ سفارتی ذرائع کے مطابق پاکستانیوں کو ویزا معلومات اب براہ راست سفارتخانے، قونصل خانوں یا امریکی دفتر خارجہ کی آفیشل ویب سائٹ travel.state.gov پر ملیں گی۔

بقیہ 7 تجارت نیوز

جس کو استعمال کرتے ہوئے صارفین کال شروع کر سکیں گے، میٹنگ رکھ سکیں گے، ڈائلر تک رسائی حاصل کرسکیں گے اور فیورٹ کا نیکس سنگل اسٹریم لائنڈ انٹرفیس کے ذریعے مینج کرسکیں گے۔ یہ اپ ڈیٹ صارفین کو کال مینج کرنے اور روز مرہ کے روابط کو تیز اور آسان بنانے کے لیے ضروری تھا۔

بقیہ 8 تجارت نیوز

کارگو آٹومیشن اور ریئل ٹائم ٹریکنگ نے بندرگاہوں کی کارکردگی کو نیا معیار دیا ہے اور ڈی پی ورلڈ کے قاسم انٹرنیشنل کنٹینر ٹرمنل (QICT) نے عالمی معیار برقرار رکھنے میں اہم کردار ادا کیا۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ حکومت نے طویل عرصے سے رکے ہوئے ڈریجنگ منصوبے کی منظوری دے دی ہے، جس سے بڑے جہازوں کی آمدورفت ممکن ہوگی اور اس کے نتیجے میں تجارتی حجم بھی بڑھ جائیں گے۔ ان کا کہنا تھا کہ نئے برتھس اور اسٹوریج سہولیات برآمدی صلاحیت میں نمایاں اضافہ کریں گی۔ چیئرمین پورٹ قاسم ریئرایڈمرل (ر) معظم الیاس نے اس کامیابی کو افرادی قوت کی محنت کا نتیجہ قرار دیا اور کہا کہ جدید ٹیکنالوجی اور اختراع نے پورٹ آپریٹرز کو عالمی سطح میں شامل کرلیا ہے، یہ کامیابی پاکستان کو خطے کے ایک مستحکم لاجسٹکس حب کے طور پر تسلیم کراتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کراچی، گوادر اور پورٹ قاسم مل کر ایک جدید سمندری مثلث تشکیل دے رہے ہیں، بہتر کارکردگی سے درآمدات اور برآمدات کی لاگت میں کمی واقع ہوگی۔ چیئرمین پورٹ قاسم نے کہا کہ عالمی سطح پر یہ کامیابی مزید غیر ملکی سرمایہ کاری کو متوجہ کرے گی، پورٹ قاسم کی ترقی پاکستان کی بحری خوش حالی کے وژن کی عملی تعبیر ہے۔

بقیہ 9 تجارت نیوز

دیگر معاملات کو دیکھنا ہوگا۔ وزیرخزانہ نے کہا گزشتہ چند ہفتوں میں چین، سعودی عرب اور دیگر مما لک کے دورے کیے۔ ہم نے صرف چین میں 24 معاہدے کیے، امریکہ میں ابھی مختلف شعبوں میں معاہدے کیے گئے۔ یہ سرمایہ کاری بہت اہم ہے۔ یہ اب امداد نہیں بلکہ تجارت کی جارہی ہے۔ محمد اور نگزیب نے کہا ہمیں موسمیاتی تبدیلی اور اپنی بڑھتی ہوئی آبادی کے چیلنج کو دیکھنا ہوگا۔ آبادی 2.3 فیصد شرح سے بڑھ رہی ہے۔ دریں اثنا حکومت نے جمعرات کے روز نیویارک کے روز ویلٹ ہوٹل کی جانب سے مزید 17.6 ملین ڈالر کے بیل آوٹ کی درخواست منظور نہیں کی، جس کے بعد اس قیمتی مگر خسارے میں چلنے والے اثاثے کا مستقبل غیر یقینی صورتحال سے دوچار ہے۔ وزارت دفاع نے کابینہ کی اقتصادی رابطہ کمیٹی (ای سی سی) سے جولائی تا ستمبر کے اخراجات اور واجبات کی ادائیگی کے لیے مالی معاونت مانگی تھی تاہم وزیرخزانہ سینیٹر محمد اور نگزیب کی زیرصدارت اجلاس میں کمیٹی نے ہدایت دی کہ وزارت دوبارہ تخمینوں کا جائزہ لے کر معاملہ ای سی سی میں پیش کرے۔ پی آئی اے انویسٹمنٹ لمیٹڈ کے تحت چلنے والا روز ویلٹ ہوٹل رواں سال جون میں بند کر دیا گیا تھا، جب نیو یارک سٹی انتظامیہ نے 3 سالہ لیز معاہدہ ڈیڑھ سال بعد ہی ختم کر دیا، ہوٹل انتظامیہ نے ابتدا میں 28.6 ملین ڈالر کا مطالبہ کیا تھا، جسے وزارت خزانہ نے فنڈز کی کمی کے باعث مسترد کر دیا۔ مزید برآں ای سی سی نے اسلام آباد میں ڈیفنس کمپلیکس کی تعمیر کے لیے حاصل کردہ اراضی کے مالکان کو نقد معاوضے کی ادائیگی کے لیے 4 ارب روپے کی تکنیکی ضمنی گرانٹ کی منظوری دیدی۔ دریں اثنا غیر ملکی میڈیا کو انٹرویو میں وزیرخزانہ نے کہا پاکستان اور امریکہ نے عسکری اور اقتصادی تعلقات دوبارہ استوار کر لیے اور توانائی، مائننگ اور ٹیکنالوجی کے شعبوں میں تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا ہے۔ حکومت رواں ماہ واشنگٹن میں سرمایہ کاری کانفرنس منعقد کرے گی جس میں امریکہ سے سرمایہ کاری کے لیے واضح سیکٹرز کی نشاندہی کی گئی ہے۔

بقیہ 10 تجارت نیوز

اور سرمایہ کاری بڑھانے پر اتفاق کیا گیا۔ ایس آئی ایف سی کی معاونت سے پاکستان نے نئی تجارتی پالیسی اور ٹیرف اصلاحات پیش کیں، پاکستان کی جانب سے آسیان کمپنیوں کو سی پیک اسپیشل اکنامک زونز میں سرمایہ کاری کی دعوت دی گئی۔ وزیر تجارت جام کمال خان کے مطابق ٹیکنالوجی ٹرانسفر اور زرعی ویلیو ایڈیشن سے پاکستان میں نئے تجارتی مواقع متوقع ہیں، پاکستان وسطی ایشیا کا گیٹ وے بن کر آسیان کے ساتھ نئے تجارتی مواقع فراہم کرے گا۔ اس موقع پر ملائیشیا کے سفیر نے پاکستانی کمپنیوں کو سیمی کنڈکٹر صنعت میں سرمایہ کاری کی دعوت بھی دی۔

بقیہ 11 تجارت نیوز

سونے کی قیمت بھی 2100 روپے کے اضافے سے 4 لاکھ 7 ہزار 778 روپے کی سطح پر آگئی۔ اس کے علاوہ فی دس گرام سونے کی قیمت 1801 روپے بڑھ کر 3 لاکھ 51 ہزار 404 روپے کی سطح پر پہنچ گئی۔

بقیہ 12 تجارت نیوز

نا شامل ہے، تا کہ وہ مواصلاتی اور سفری سہولیات سے محروم رہیں۔ وزیراعلیٰ نے پولیو کے خاتمے سے متعلق اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کہا کہ میرے پاس کوئی دوسرا راستہ نہیں بچا، سوائے اس کے کہ ان لوگوں کو سزا دوں، جو پولیو کے خاتمے کی اپنی قومی ذمہ داری سے پہلوتہی کرتے ہیں۔ مراد علی شاہ نے وزیراعلیٰ ہاؤس میں پولیو ویکسین انکار سیل قائم کرنے کا حکم دیا۔ محکمہ صحت کو ہدایت کی گئی کہ وہ یونین کونسل کی سطح پر انکار کرنیوالے والدین کی تفصیلات فراہم کرے تا کہ ان سے سماجی، سیاسی اور انتظامی سطح پر نمٹا جا سکے۔ سندھ میں پولیو کے 9 کیسز رپورٹ ہوچکے ہیں جو ملک بھر میں رپورٹ ہونیوالے 29 کیسز میں شامل ہیں۔ خیبر پختونخوا میں 18 کیسز جبکہ پنجاب اور آزاد جموں وکشمیر میں ایک، ایک کیس رپورٹ پختو ہوا ہے۔ وزیراعلیٰ نے ہدایت کی کہ 13 اکتوبر سے شروع ہونیوالی پولیو مہم کو "جنگی حکمت عملی" کے ساتھ چلایا جائے، جوافسر کارکردگی نہیں دکھائے گا وہ میری ٹیم کا حصہ نہیں رہے گا، پہلے ہی محکمہ صحت اور انتظامیہ کے کچھ افسران کو ہٹا چکا ہوں۔ وزیراعلیٰ نے چیف سیکریٹری آصف حیدر شاہ کو ہدایت دی کہ موبائل سمز، شناختی کارڈز اور پاسپورٹس بلاک کرنے کا منصوبہ پیش کریں، تا کہ انکاری والدین کے خلاف کارروائی کی جاسکے۔

بقیہ 13 تجارت نیوز

چکا کہ K ویزا ابھارتی ماہرین کو نہ دیا جائے۔ چینی عوام کو خوف ہے امریکہ کی طرح چین میں بھی بھارتی ہر شعبے میں پھیل جائیں گے۔ اسی لیے سوشل میڈیا پر یہ ٹرینڈ چل پڑا کہ بھارت سے افرادی قوت منگوانے کے بجائے چین میں سائنس وٹکنالوجی کے جو ماہرین بیروز گار ہیں، انھیں ملازمتیں دی جائیں۔ چین کے عوامی احتجاج سے عیاں ہے کہ وہاں بھارتی ماہرین کو پسند نہیں کیا جاتا کہ وہ باہمی جنگوں کی وجہ سے دشمن تصور ہوتے ہیں۔

بقیہ 14 تجارت نیوز

کرائے گئے 'کنٹری بیوٹری پنشن فنڈ اسکیم' کے تحت ہوگا، یوں کل مشترکہ حصہ 22 فیصد ہوگا جو نئے شامل ہونے والے ملازمین کے لیے پرانے پنشن نظام کی جگہ لے گا۔ اس حوالے سے وزارت خزانہ کے ریگولیشن ڈیپارٹمنٹ نے فیڈرل گورنمنٹ ڈیفائنڈ کنٹری بیوشن (ایف جی ڈی سی) پنشن فنڈ اسکیم رولز 2024 جاری کردیے ہیں جو پبلک فنانس منیجمنٹ ایکٹ 2019 کے تحت بنائے گئے ہیں۔ یہ اسکیم والنٹری پنشن سسٹم رولز 2005 اور نان بینکنگ فنانس کمپنیز اینڈ نوٹیفائیڈ اینٹیٹیز ریگولیشنز 2008 کے مطابق ریگولیٹ کی جائے گی۔ یہ قواعد اگست 2024 کے اُس حکم نامے کی جگہ لیں گے جس میں حکومت کا حصہ 20 فیصد مقرر کیا گیا تھا، 20 اگست 2024 کو وزارت خزانہ نے پہلی بار سول حکومت اور مسلح افواج کے نئے بھرتی ہونے والے ملازمین کے لیے کنٹری بیوٹری پنشن اسکیم متعارف کرانے کا اعلان کیا تھا۔ اس وقت ملازمین کو اپنی بنیادی تنخواہ کا 10 فیصد جمع کرانا تھا جبکہ حکومت 20 فیصد حصہ ڈالنے کی پابند تھی نئی اسکیم کا اطلاق ا?ن سول ملازمین پر ہوگا جو یکم جولائی 2024 یا اس کے بعد بھرتی ہوئے ہوں گے جن میں سول ڈیفنس کے ملازمین بھی شامل ہیں جبکہ مسلح افواج کے اہلکاروں پر یہ یکم جولائی 2025 سے نافذ ہوگا (جس کا نفاذ ابھی زیر التوا ہے)۔ حکومت نے 25-2024 کے بجٹ میں اس پنشن فنڈ کے لیے 10 ارب روپے اور 26-2025 کے لیے 4 ارب 30 کروڑ روپے مختص کیے ہیں تا کہ اس نئے نظام کو سپورٹ فراہم کی جا سکے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ یہ اسکیم بین الاقوامی مالیاتی فنڈ اور عالمی بینک کی سفارش پر متعارف کرائی گئی ہے تا کہ بڑھتے ہوئے پنشن کے مالی بوجھ پر قابو پایا جاسکے جسے حکومت نے ایک سنگین مالی خطرہ قرار دیا ہے۔ یہ نظام موجودہ ملازمین پر نافذ نہیں ہوگا بلکہ مستقبل میں پنشن کے اخراجات کی رفتار کم کرنے کے لیے نافذ کیا گیا ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ وفاقی حکومت کا پنشن خرچ 25-2024 میں 10 کھرب 5 ارب روپے ہونے کا تخمینہ ہے، جو 24-2023 کے 821 ارب روپے سے تقریباً 29 فیصد زیادہ ہے۔ مسلح افواج کے پنشن واجبات 26-2025 میں 742 ارب روپے تک پہنچنے کا اندازہ ہے جو 24-2023 کے 563 ارب روپے میں 32 فیصد اضافہ ہے۔ سول ملازمین کے پنشن اخراجات موجودہ مالی سال کے لیے 243 ارب روپے رکھے گئے ہیں جو گزشتہ سال کے 228 ارب روپے سے 6.6 فیصد زیادہ ہیں، اس سے اصلاحات کے باعث کچھ بچت ظاہر ہوتی ہے نئے قواعد کے تحت صرف مجاز پنشن فنڈ منیجرز ہی اس فنڈ کو چلائیں گے۔ حکومت، بطور آجر ملازم کی پنشن کے قابل حساب تنخواہ کا 12 فیصد حصہ اکاو?نٹ جنرل کے دفتر کے ذریعے جمع کرائے گی جو ریکارڈ رکھنے اور فنڈز کی منتقلی کی نگرانی بھی کرے گا۔ اکاؤنٹنٹ جنرل پنشن اکاؤنٹس کی تفصیلات کی تصدیق کرے گا اور تنخواہ کی ادائیگی سے پہلے ملازم اور آجر دونوں کے حصے 'ایمپلائر پنشن فنڈ' میں منتقل کرے گا۔

بقیہ 15 تجارت نیوز

برادری حکومت اور سیکیورٹی اداروں کے ساتھ کھڑی ہے۔

بقیہ 16 تجارت نیوز

میں سے ایک بھی اڑان بھرنے کے قابل نہیں ہے، سیرین ایئر کا فضائی آپریشن محفوظ فلائٹ آپریشن نہیں رہا، اسی لیے فوری ایئر آپریٹرز سرٹیفکیٹ معطل کیا گیا ہے، سیرین ایئر فضائی آپریشن کیلیے قواعد وضوابط میں عملدر آمد میں ناکام ہوچکی ہے، پاکستان سول ایوی ایشن کے ڈائریکٹر فلائٹ اسٹینڈرڈ نے سیرین ایئر کی انتظامیہ کو تحریری طور آگاہ کر دیا، سی اے اے انتظامیہ کی جانب سیرین ایئر کو ایئر آپریٹر سرٹیفکیٹ واپس کرنے کا حکم جاری کردیا گیا۔ ترجمان سیرین ایئر کا مذکورہ معاملے پر کہنا ہے کہ ان کا ایک طیارہ مینٹیننس پراس وقت چین میں موجود ہے، جبکہ فلیٹ میں شامل ایک جہاز 4 سال بعد لاگو مختلف چیکس کی وجہ سے ہینگر میں ہے ایک طیارے کو سعودی عرب میں پرندہ ٹکرانے کی وجہ سے عارضی طور پر گراونڈ کیا گیا، جہاز کارنگ متاثر ہوا ہے، جس کی مرمت پر انجینئرز اس پر کام کررہے ہیں، ہم سی اے اے سے درخواست کی ہے کہ ہمارے مسافر سعودی عرب میں پھنسے ہوئے ہیں، طیارے کو وطن واپس لانے کی اجازت دی جائے، ترجمان سیرین ایئرلائن کا مذید کہنا ہے کہ سی اے اے کو آج ایک لیٹر لکھ دیا کہ معاملے پر نظر ثانی کی جائے، امید ہے کہ سیرین کا ایئر آپریٹ سرٹیفکیٹ دوبارہ بحال ہو جائیگا۔

بقیہ 17 تجارت نیوز

صارفین کے ڈی ایم انباکس کے اوپر براہ راست دستیاب ہے۔ یہ نیا فیچر پاکستانی صارفین کو اپنی لوکیشن شیئر کرنے اور کہانیاں، ریلز، پوسٹس اور نوٹس کو لوکیشن ٹیگ کے ساتھ ایکسپلور کرنے کی سہولت دیتا ہے جس سے یہ آسان ہو جاتا ہے کہ دوست یا پسندیدہ تخلیق کار کانسرٹس، کیفے یا مقامی مقامات سے کیا شیئر کررہے ہیں۔ صارفین یہ بھی منتخب کر سکتے ہیں کہ وہ اپنی آخری فعال لوکیشن منتخب، قریبی دوستوں، یا کسی سے بھی شیئر نہ کریں۔ پرائیویسی کے اس تجربے کے بنیادی حصہ میں انسٹا گرام پر موجود نوعمر صارفین کے والدین کو بھی مکمل نگرانی حاصل ہے، جس میں ان کے بچے کی شیئرنگ ترجیحات دیکھنے اور منظم کرنے کے اختیارات شامل ہیں۔ میٹا نے انسٹا گرام میپ میں مزید بہتریاں کی ہیں، جن میں میپ کے مواد سے پروفائل فوٹوز ہٹانا، لوکیشن بند ہونے پر اشاروں کو مزید واضح بنانا، اور ٹیگ شدہ مواد کس طرح ظاہر ہوگا اس کی پیشگی جھلک دکھانا شامل ہے۔

بقیہ 18 تجارت نیوز

گی، 30 جون کے بعد ڈیوٹی ہر سال 10 فیصد کم، 30-2029 تک مکمل ختم کردی جائے گی۔ آل پاکستان موٹر ڈیلرز ایسوسی ایشن استعمال شدہ گاڑیوں پر اضافی ڈیوٹی کے نفاذ پر نظر ثانی کا مطالبہ کردیا۔ چیئرمین ایسوسی ایشن ایچ ایم شہزاد نے ایک بیان میں کہا کہ 40 فیصد اضافی ڈیوٹی کا فیصلہ غیر منطقی ہے کیونکہ یہ گاڑیاں پہلے ہی 122 سے 475 فیصد تک بلند ترین شرح ٹیکس کا بوجھ اٹھا رہی ہیں، مزید بوجھ سے کاروبار مشکل اور صارفین کیلیے گاڑیاں نا قابل خرید ہوجائیں گی۔

بقیہ 19 تجارت نیوز

بعد گر گیا۔ تیزی کے باوجود 52.37 فیصد حصص کی قیمتوں میں کمی واقع ہوئی جبکہ حصص کی مالیت میں 5 ارب 19 کروڑ 35 لاکھ 83 ہزار 079 روپے کا اضافہ ہو گیا۔ کاروباری دورانیے میں فرٹیلائزر، ریفائنری اور پاور جنریشن کے شعبوں میں سرمایہ کاری سے تیزی کا تسلسل برقرار رہا جس سے ایک موقع پر 1499 پوائنٹس کی بڑی تیزی سے انڈیکس کی 1 لاکھ 69 ہزار پوائنٹس کی نئی بلندترین سطح بھی رقم ہوگئی تھی لیکن انویسٹرز کی اپنی لیوریج پوزیشن میں کمی کی غرض سے کمرشل بینکوں آئل اینڈ گیس ٹرانسپورٹ سمیت دیگر شعبوں میں آپ سائیڈ پرافٹ ٹیکنگ سے انڈیکس کی نئی بلندترین سطح کے استحکام میں مزاحمت دیکھی گئی، کاروبار کے اختتام پر کے ایس ای 100 انڈیکس 500.44 پوائنٹس کے اضافے سے 168990.07 پوائنٹس کی نئی بلند ترین سطح پر بند ہوا۔ دریں اثنا انٹربینک مارکیٹ میں جمعے کو بھی ڈالر کی نسبت روپیہ تگڑا رہا۔ کاروبار کے اختتام پر انٹربینک میں ڈالر کی قدر صرف ایک پیسے کی کمی سے 281 روپے 26 پیسے کی سطح پر بند ہوئی جبکہ اوپن کرنسی مارکیٹ میں ڈالر کی قدر بغیر کسی تبدیلی کے 282 روپے 30 پیسے کی سطح پر مستحکم رہی۔ علاوہ ازیں بین الاقوامی بلین مارکیٹ میں جمعے کو فی اونس سونے کی قیمت بغیر کسی تبدیلی کے 3 ہزار 865 ڈالر کی سطح پر مستحکم رہنے کے نتیجے میں مقامی صرافہ مارکیٹوں میں بھی سونے اور چاندی کی قیمتیں مستحکم رہیں جس سے 24 قیراط کے حامل فی تولہ سونے کی قیمت بغیر کسی تبدیلی کے 4 لاکھ 7 ہزار 778 روپے اور فی دس گرام سونے کی قیمت بھی بغیر کسی تبدیلی کے 3 لاکھ 49 ہزار 603 روپے کی سطح پر مستحکم رہیں۔ اسٹاک مارکیٹ

بقیہ 20 تجارت نیوز

سینئر وزیر اور صوبائی وزیر برائے اطلاعات، ٹرانسپورٹ و ماس ٹرانزٹ شرجیل انعام میمن نے بیان میں کہا ہے کہ اوور اسپیڈنگ، سگنل توڑنے، غلط سمت میں گاڑی چلانے، اوور لوڈنگ اور بغیر لائسنس ڈرائیونگ سمیت درجنوں خلاف ورزیوں پر سخت کارروائی ہوگی۔ نئی فہرست میں گاڑیوں کی اقسام کے حساب سے جرمانے بڑھائے گئے ہیں جن میں موٹرسائیکل، کار/ جیپ، پبلک سروس وہیکل اور ہیوی ٹرانسپورٹ شامل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اوور اسپیڈنگ پر موٹرسائیکل کیلیے 5 ہزار، کار کیلیے 15 ہزار اور ہیوی ٹرانسپورٹ کیلیے 20 ہزار روپے جرمانہ عائد ہوگا، جبکہ 8 ڈی میرٹ پوائنٹس بھی شامل ہوں گے۔ شرجیل انعام میمن نے کہا کہ بغیر ڈرائیونگ لائسنس گاڑی چلانے پر 50 ہزار روپے تک جرمانہ اور 6 پوائنٹس مقرر ہیں۔ لا پرواہ ڈرائیونگ پر 25 ہزار روپے اور 8 پوائنٹس لگیں گے۔ اسی طرح ون وہیلنگ، بغیر ہیلمٹ موٹر سائیکل چلانے، دھندلے شیشے استعمال کرنے، غلط لین میں گاڑی چلانے اور مسافروں کو چھت پر بٹھانے پر بھی بھاری سزائیں دی جائیں گی۔ شرجیل انعام میمن نے کہا کہ یہ اقدامات شہریوں کی جانیں بچانے اور روڈ سیفٹی یقینی بنانے کیلیے کیے گئے ہیں، حکومت کا مقصد صرف جرمانے وصول کرنا نہیں بلکہ شہریوں کی زندگیوں کو محفوظ بنانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سگنل توڑنا، اوور اسپیڈنگ اور ون وہیلنگ جیسے اقدامات معمولی نہیں بلکہ جان لیوا حرکات ہیں جن کی وجہ سے نہ صرف ڈرائیور بلکہ دوسرے لوگ بھی خطرے میں پڑتے ہیں۔ اب ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی کرنیوالوں کے خلاف سخت کارروائی ہو گی اور بار بار خلاف ورزی کرنیوالوں کے لائسنس معطل یا منسوخ کیے جاسکتے ہیں۔

بقیہ 21 تجارت نیوز

کہا کہ 11 اکتوبر سے کراچی میں دودھ 300 روپے لیٹر فروخت ہوگا۔ شاکر عمر کے بیان کے مطابق 11 اکتوبر سے دودھ کی قیمت 300 روپے فی لیٹر فروخت کریں گے، 102 اکتوبر کو کمشنر کراچی کے دفتر میں بے نتیجہ اجلاس منعقد ہوا، اس دوران جب دودھ کی کاسٹ آف پروڈکشن کی ایکسرسائز کی گئی تو فی لیٹر دودھ کی لاگت 271 روپے سامنے آئی۔ اس پر انتظامیہ کی جانب سے نوٹیفکیشن جاری کرنے کی تجویز زیر غور آئی مگر ناگزیر وجوہات کی بنا پر کمشنر کراچی نے فوری طور پر نوٹیفکیشن جاری نہیں کیا اور اجلاس درمیان میں ہی ختم کر دیا گیا۔ شاکر عمر نے مطالبہ کیا کہ فوری طور پر دودھ کی نئی قیمت کے حوالے سے نوٹیفکیشن جاری کیا جائے، تا کہ ڈیری فارمرز اور دیگر اسٹیک ہولڈرز اپنا کاروبار جاری رکھ سکیں، بصورت دیگر تمام اسٹیک ہولڈرز کی مشاورت سے مورخہ 11 اکتوبر سے دودھ کی قیمتوں میں اداروں کی جانب سے پیش کی گئی پیداواری لاگت میں نفع شامل کر کے دودھ کی قیمتوں میں اضافہ کردیا جائے گا، جو کہ کم وبیش 300 روپے فی لیٹر کا ہو گا۔ دریں اثنا کمشنر کراچی نے دودھ کی قیمتوں کے تعین اور کوالٹی کنٹرول کے لیے پانچ رکنی کمیٹی قائم کردی ہے۔ کمیٹی کے ارکان میں ڈپٹی ڈائریکٹر سندھ فوڈ اتھارٹی باسط عباسی، ڈائریکٹر، QCCPSQCA ڈاکٹر طاہرہ ظہیر صدر، کنزیومر پروٹیکشن کونسل شکیل بیگ، صحافی غیاث الدین اور کراچی دودھ ریٹیلرز ایسوسی ایشن کے نمائندہ عبدالوحید گدی شامل ہیں۔ نوٹیفکیشن کے مطابق کمیٹی کراچی بھر سے فارمرز ہول سیلرز اور ریٹیلرز کی سطح پر دودھ کے 50 نمونے جمع کرے گی۔ سندھ فوڈ اتھارٹی (SFA) نمونے جمع کرنے کے دوران کمیٹی کو ضروری مدد فراہم کرے گی۔ دودھ کے ہر پوائنٹ سے تین نمونے جمع کئے جائیں گے، تمام نمونوں کی جانچ پاکستان اسٹینڈرڈز اینڈ کوالٹی کنٹرول اتھارٹی (PSQCA) میں کی جائے گی۔

بقیہ 22 تجارت نیوز

400 ارب روپے سے زائد نقصان پہنچا رہی، جس سے مالی خسارہ بڑھنے کے علاوہ باضابطہ معیشت میں مسابقت بری طرح متاثر ہورہی ہے۔ معاشی مبصر اسامہ صدیقی کے مطابق غیر قانونی سگریٹس کی بڑھتی فروخت اور اس سے جڑی ٹیکس چوری سرمایہ کاروں کیلیے پیغام ہے کہ قوانین با آسانی نظرانداز کیے جاسکتے ہیں، جس سے قانونی تجارت کرنیوالوں کا معیشت پر اعتماد متزلزل ہوتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ٹریک اینڈ ٹریس سسٹم خاص شعبہ تمباکو میں ٹیکس چوری پر قابو پانے کیلیے بنایا گیا، کمزور نفاذ کے باعث مارکیٹس میں غیر قانونی سگریٹس کی بھر مار ہے، اس کے تدارک کیلیے تقسیم کے مراکز اور ریٹیل نیٹ ورکس کا مستقل اور ہرنی کریک ڈاؤن ناگزیر ہے، غیر قانونی تجارت پر موثر کنٹرول ہی ٹیکس میں بڑھانے کا تیز ترین طریقہ ہے۔

بقیہ 23 تجارت نیوز

کا آرڈر دے چکی ہے جس کی شروع سے ہی کوئی ضرورت نہیں تھی، حکومت نے اس بابت انڈسٹری کی اپیلوں کو یکسر نظر انداز کر دیا 18 نومبر تک ملک میں چینی کے وافر سٹاکس موجود ہیں شوگر ملز ایسوسی ایشن نے کہا کہ شوگر انڈسٹری کو مالی بحران سے نکلنے کے لئے ان اسٹاکس کا ختم ہونا ضروری ہے کسانوں کی فصلوں میں ابھی تک سیلابی پانی کھڑا ہے جب تک پانی ختم نہیں ہوتا گنے کی کٹائی کیونکر ممکن ہو پائے گی۔ بیان میں مزید کہا گیا کہ درآمدی چینی ٹیکس اور ڈیوٹی فری سبسڈی کے ساتھ منگوائی جارہی ہے حکومت متعدد بار ملوں کا ایف بی آر پورٹل بند کرتی ہے تا کہ درآمد کی گئی چینی فروخت ہو سکے شوگر ملز ایسوسی ایشن نے کہا کہ حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ کسانوں اور انڈسٹری کی بہتری کا سوچتے ہوئے مثبت فیصلے کرے۔

بقیہ 24 تجارت نیوز

56207 کسانوں سے فصلوں کے نقصانات بارے جانچ پڑتال کی۔ اب تک سروے ٹیموں نے 53985 ایکڑ سیلاب متاثرہ اراضی کی نشاندہی کی ہے۔ سروے ٹیموں نے سیلاب سے متاثرہ 24246 مکانات کا ڈیٹا جمع کرلیا ہے۔ پی ڈی ایم اے پنجاب کے مطابق سیلاب کے باعث مویشیوں سے محروم ہونے والے 1057 افراد سے بھی تفصیلات لی گئیں۔ مختلف اضلاع سے سروے کے مطابق 3945 بلاک مویشیوں کی تفصیلات موصول ہوئیں۔ اربن یونٹ، ریونیو، محکمہ زراعت، لائیو سٹاک اور پاک فوج کے نمائندے گھر گھر جا کر سروے کر رہے ہیں۔ پی ڈی ایم اے پنجاب روزانہ کی بنیاد پر سروے میں پیش رفت کا جائزہ لے رہا ہے۔

بقیہ 25 تجارت نیوز

بجلی کے نظام میں تو کوئی بھی قابل ذکر بہترین نہ آسکی تاہم ان تبدیلیوں کے ذریعے بھی بھاری رقم خرد برد کی گئی۔ علاوہ ازیں ایک جانب تو کراچی کے شہریوں کو فیک اور اضافی بلنگ کے ذریعے سینکڑوں ارب روپے کا نقصان پہنچایا گیا تو دوسری جانب مختلف سبسڈیز کی مد میں بھی گزشتہ 20 برس کے دوران حکومت پاکستان سے سینکڑوں ارب روپے وصول کیے جا چکے ہیں۔ کے الیکٹرک کی جانب سے کراچی کے شہریوں کو لوٹنے کے لیے ایجاد کیے جانے والے نت نئے طریقوں میں ٹیرف ڈیفرینشل سبسڈی بھی شامل ہے۔ اطلاعات ہے کہ چار ماہ قبل نیپرا کی جانب سے منظور کیے جانے والے ٹیرف کے مطابق کے الیکٹرک کو فی یونٹ 40 روپے فروخت کرنے کا اجازت نامہ جاری کردیا گیا ہے۔ جو کہ پاکستان کی 10 بڑی ڈسکوز جن کا زیادہ سے زیادہ فی یونٹ 28 روپے ہے، کے مقابلے میں 20 سے 40 فیصد زیادہ ہے۔ قابل ذکر بات تو یہ ہے کہ کے الیکٹرک بھی نصف سے زیادہ بجلی وہیں سے لیتا ہے جہاں سے ملکی دیگر پاور ڈسٹری بیوشن کمپنیاں لیتی ہیں۔ اس ضمن میں مزید اطلاعات ہیں کہ الیکٹرک کی جانب سے ٹیرف کی صورت میں وصول کیے جانے والے فی یونٹ اضافی سات روپے اسے ہی سبسڈی کی مد میں واپس کر دیے جائیں گے۔ واضح رہے کہ الیکٹرک کی جانب سے گزشتہ پانچ برسوں کے دوران دکھایا جانے والا ریکوری لاس پورے ملک میں سے زیادہ ہے۔ کہ الیکٹرک کے مطابق یہ نقصان مضافاتی علاقوں اور کچی ابادیوں میں ہورہا ہے۔ تاہم تحقیق کے بعد یہ انکشاف ہوا کہ بجلی کی زیادہ تر چوری پوش علاقوں میں ہوتی ہے۔ جہاں کا کنزمشن ریٹ 400 سے 700 یونٹس کے درمیان ہیں۔ جبکہ واضح شواہد موجود ہونے کے باوجود کے الیکٹرک کی جانب سے ان علاقوں میں بجلی کی چوری روکنے کے لیے انتظامات کیے جانے کے بجائے ریکوری لاس کی مد میں حکومت سے بھاری سبسڈی کا حصول جاری ہے۔ مذکورہ صورتحال سے یہ اندازہ لگانا قطعی مشکل نہیں ہے کہ ٹیرف ڈیفرینشل سبسڈی کے حصول کی خاطر کے، الیکٹرک کی جانب سے گھوسٹ کنزمشن ریٹ اور فیک بلنگ ظاہر کی جارہی ہے۔ جبکہ اطلاعات کے مطابق آڈیٹر کی جانب سے طلب کیے جانے کے باوجود کہ الیکٹرک کی جانب سے کراچی کی کچی آبادیوں اور مضافاتی علاقوں میں بجلی کی چوری کے حوالے سے ریکارڈ پیش نہیں کیا جاسکا ہے۔ کہ جس سے کے الیکٹرک کے موقف کی سچائی کا اندازہ ہوسکتا۔ اطلاعات ہیں کہ آئندہ سات برسوں کے دوران کے الیکٹرک کو ٹیرف ڈیفرینشل سبسڈی یعنی ٹی ڈی ایس کی مد میں 300 ارب روپے سے زائد کی رقم دی جائے گی۔ جو کہ سالانہ 40 سے 50 ارب روپے کے درمیان بنتی ہے۔ کے الیکٹرک کو یہ خطیر ترین رقم ریکوری لاسز کی مد میں دی جائے گی جبکہ کے الیکٹرک کی جانب سے پیش کیے جانے والے ریکارڈ کے مطابق گزشتہ تین برسوں کے دوران اسے ریکوری لاسز کی مد میں فی برس 68 بلین سے لے کر 100 بلین روپے تک کا نقصان اٹھانا پڑا ہے۔ پاکستان کی عوام یاد رکھیں کہ کے الیکٹرک کو ٹی ڈی ایس کے علاوہ بھی دیگر کئی مدوں میں خطیر رقوم کی سبسڈیز دی جارہی ہیں۔ سب سے اہم اور توجہ طلب نقطہ تو یہ ہے کہ کے الیکٹرک کی ریکوری سب سے کم اور سبسڈی پاکستان بھر میں سب سے زیادہ ہے جبکہ سبسڈیز سے بچنے کے لیے ہی تو کراچی الیکٹرک سپلائی کارپوریشن کی نجکاری کی گئی تھی ورنہ تو حکومت اسے چلا ہی رہی تھی۔ حیرت انگیز طور پر 2023 میں کے الیکٹرک کی جانب سے ریکوری لاس 50 فیصد دکھایا گیا ہے جو کہ کراچی کے موجودہ حالات میں ناقابل یقین ہے۔ مبینہ اطلاعات کے مطابق کہ الیکٹرک نے اپنے واجبات ڈالرز میں ادا کیے جانے کا مطالبہ بھی کر دیا ہے۔ ایک محتاط اندازے کے مطابق گزشتہ چند برسوں کے دوران کہ الیکٹرک کو ٹیرف ڈیفرینشل سبسڈی کی مد میں 500 ارب روپے سے زائد کی خطیر رقم ادا کر کی جا چکی ہے جبکہ آئندہ سات برسوں کے دوران مزید 300 ارب روپے ادا کیے جائیں گے اور یہ تمام رقم بجلی چوری کی مد میں ادا کی جارہی ہے۔ ایک اور نہایت اہم بات جو یہ ہے کہ جن علاقوں میں بجلی کی چوری کا دعویٰ کیا جارہا ہے ان میں کے الیکٹرک کی جانب سے یومیہ 18 سے 20 گھنٹے کی طویل لوڈ شیڈنگ کی جاتی ہے، تو وہاں اتنی بڑی رقم کی بجلی کیسے چوری کی جاسکتی ہے۔

بقیہ 26 تجارت نیوز

دریافت کی ہے۔ و جی ڈی سی ایل نے بتایا کہ یہ کنواں 30 جون 2025 کو کھودا گیا اور ٹمبر فارمیشن میں 3,800 میٹر کی گہرائی تک ڈرلنگ کی گئی، جو کمپنی نے اپنی اندرونی مہارت اور اپنے شراکت دار کے تعاون سے مکمل کی۔ مزید کہا گیا کہ وائرلائن لاگ کی تشریح کی بنیاد پر، لوئر گورو فارمیشن (میسیو اور بیسل سینڈز) میں دو ڈرل اسٹیم ٹیسٹ (ڈی ایس ٹیز) کیے گئے۔ پہلا ٹیسٹ میسیو سینڈ میں جبکہ دوسرا ٹیسٹ بیسل سینڈ میں کیا گیا۔ دونوں ٹیسٹوں میں کنویں سے خاطر خواہ مقدار میں ہائیڈروکاربن حاصل ہوا جس کی مشترکہ پیداوار کی صلاحیت 22.5 ایم ایم ایس سی ایف ڈی گیس اور روزانہ 690 بیرل کنڈینسیٹ ہے، جو 32/64 چوک کے پر ریکارڈ کی گئی۔ کمپنی کے مطابق، یہ دریافت لوئر گورو فارمیشن (میسیو اور بیسل سینڈز) سے ایک اور بڑی کامیابی ہے، جو توانائی کی طلب ورسد کے فرق کو کم کرنے میں مددگار ثابت ہوگی اور او جی ڈی سی ایل کے ساتھ ساتھ ملک کے ہائیڈروکاربن ریز روز میں بھی اضافہ کرے گی۔

بقیہ 27 تجارت نیوز

امریکی ڈالر 5 پیسے گھٹ کر 281.45 روپے رہا۔ ایکس چینج کمپنیز ایسوسی ایشن آف پاکستان کی رپورٹ کے مطابق مقامی اوپن کرنسی مارکیٹ میں ڈالر 5 پیسے کی کمی سے 282.35 روپے پر بند ہوا۔ یورو 1 پیسہ بڑھ کر 333.60 روپے رہا۔ برطانوی کرنسی پاؤنڈ کی قدر 18 پیسے گھٹ کر 382.67 روپے رہی۔ سعودی ریال 2 پیسے کی کمی سے 73.75 روپے اور یو اے ای درہم 2 پیسے کے خسارے سے 77.65 روپے رہا۔

بقیہ 28 تجارت نیوز

رپورٹ نے پاکستان میں غربت میں مزید اضافے کا اندیشہ ظاہر کیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق غلط پالیسیوں اور غیر پائیدار ترقیاتی ماڈل نے صورتحال کو بگاڑا ہے۔ عالمی بینک نے خبردار کیا ہے کہ غربت کی شرح جو 19-2018 میں 21.9 فیصد تھی بڑھ کر 25-2024 میں 25.3 فیصد تک پہنچنے کا خدشہ ہے، جس کے نتیجے میں مزید پونے دو کروڑ افراد غربت کا شکار ہو جائیں گے۔

بقیہ 29 تجارت نیوز

مارک زکر برگ اور ایمازون کے جیف بیزوس کا نمبر آتا ہے۔ بدھ کے روز کاروباری دن ختم ہونے تک ایلون مسک کی مجموعی مالیت 499.1 ارب ڈالر تھی۔ دن کے ابتدائی حصے میں انہوں نے 500 ارب ڈالر کا ہندسہ چھوا تھا۔ گزشتہ ماہ 10 ستمبر کو اوریکل کے اسٹاک کی قیمت بڑھ جانے کی وجہ قلیل مدت کے لیے لیری ایلیسن نے ایلون مسک پر سبقت حاصل کرلی تھی۔ تاہم، وہ برقرار نہیں رہ سکی۔ ٹیسلا کے شیئرز کی قیمت میں ستمبر کے وسط میں اس وقت اضافہ ہوا جب ایلون مسک نے ایک ٹرسٹ کے ذریعے تقریباً 1 ارب ڈالر کی (اب تک کی سب سے بڑی) سرمایہ کاری کی۔ اس سب ٹیسلا کے شیئرز کی قیمت NASDAQ مارکیٹ میں ایک دن کے اندر 30 ڈالر تک بڑھ گئی۔

بقیہ 30 تجارت نیوز

نمک سے تیار برازیلی صابن کو عالمی ایوارڈ سے نوازا گیا۔ بیلجیم میں خواتین ایگروٹیک سمٹ میں پاکستان کا قدرتی نمک دنیا بھر میں سراہا گیا۔ وزیر تجارت جام کمال کا کہنا تھا کہ گلابی نمک کی خالص صحت اور معدنی خصوصیات عالمی منڈی میں پاکستان کا مقام بڑھا رہی ہیں۔

بقیہ 31 تجارت نیوز

لاکھ کیوسک پانی آنے کا امکان ہے۔ اسی طرح مرالہ کے مقام پر اس وقت 23 ہزار کیوسک پانی گزر رہا ہے، تاہم 26 اگست کو یہاں سے 9 لاکھ کیوسک پانی گزر چکا ہے، اس لیے موجودہ صورتحال زیادہ بڑا چیلنج نہیں ہوگی۔ ڈی جی پی ڈی ایم اے کے مطابق منگلا ڈیم میں بھی پانی کی سطح بلند ہے لیکن جہلم میں بڑی سیلابی صورتحال متوقع نہیں، البتہ ستلج میں بھارت سے 50 ہزار کیوسک اور تھین ڈیم سے راوی میں 35 ہزار کیوسک پانی آنے کا امکان ہے۔ انہوں نے کہا کہ سیلاب سے متاثرہ 27 اضلاع میں سروے جاری ہے جس میں ساڑھے 11 ہزار افراد حصہ لے رہے ہیں۔ سروے ٹیموں میں پاک فوج، ضلعی انتظامیہ اور مختلف محکموں کے افسران شامل ہیں، جب کہ 2 ہزار 213 ٹیمیں اپنی سرگرمیاں جاری رکھے ہوئے ہیں۔ علاوہ ازیں آن لائن ڈیش بورڈ کے ذریعے رئیل ٹائم مانیٹرنگ بھی کی جارہی ہے اور 69 تحصیلوں میں 27 اکتوبر تک سروے مکمل کرلیا جائے گا۔ ڈی جی عرفان علی کاٹھیا نے بتایا کہ تمام تحصیلوں میں بینک آف پنجاب کے بوتھ قائم کیے جائیں گے تا کہ متاثرین کو زیادہ سے زیادہ سہولت فراہم کی جا سکے۔ متاثرہ افراد کو کارڈ ملنے کے بعد فوری طور پر 50 ہزار روپے نکلوائے جا سکیں گے۔ شکایات کے ازالے کے لیے پی ڈی ایم اے نے پی آئی ٹی بی کے ساتھ پلیٹ فارم تشکیل دیا ہے جو 7 روز میں شکایات کا حل فراہم کرے گا۔ انہوں نے مزید بتایا کہ 2010 میں 3 لاکھ 50 ہزار، 2012 میں 38 ہزار 196، 2014 میں 3 لاکھ 59 ہزار متاثرین کو 14 ارب روپے جب کہ 2022 میں 56 ہزار متاثرین کو 10 ارب روپے دیے گئے۔ گزشتہ 15 برس میں مجموعی طور پر 51 ارب روپے سیلاب متاثرین میں تقسیم کیے گئے ہیں۔ عرفان علی کاٹھیا نے کہا کہ 2025 کا سیلاب حالیہ تاریخ کے تمام سیلابوں کے مقابلے میں زیادہ نقصان دہ ثابت ہوا ہے، جس میں گھروں، مویشیوں، فصلوں اور انسانی جانوں کا بڑا نقصان ہوا ہے۔

بقیہ 32 تجارت نیوز

259 ویڈیوز میں بعض مناظر میں مشہور شخصیات کو بوس و کنار کرتے یا نجی لمحات میں دکھایا گیا تھا۔ یوٹیوب کے مطابق شکایت سامنے آنے اور ہرجانے کے نوٹس کے بعد مذکورہ چینل تخلیق کار نے خود حذف کیا ہے تاہم پلیٹ فارم ایسے گمراہ کن یا تبدیل شدہ مواد کو ہٹانے کے لیے مسلسل اقدامات کر رہا ہے۔ یاد رہے کہ ایشوریا اور ابھیشیک نے نئی دہلی کی عدالت میں درخواست دائر کرتے ہوئے مؤقف اختیار کیا تھا کہ اے آئی کے ذریعے بنائی گئی یہ ویڈیوز شخصی حقوق کی خلاف ورزی ہیں۔ انہوں نے عدالت سے ایسے مواد پر پابندی عائد کرنے اور یوٹیوب کی اے آئی پالیسی پر نظر ثانی کا مطالبہ کیا تھا۔

بقیہ 33 تجارت نیوز

برآمدات و مسابقت کی صلاحیت میں اضافے کے لیے فعال کردار ادا کیا۔ تاہم موجودہ صدر جاوید بلوانی کے بعض دوستوں کا کہنا ہے کہ کے سی آئی کا صدارتی منصب انکے لئے کانٹوں کی سیج ثابت ہوا کیونکہ حکومت مخالف ہڑتال میں بی ایم جی کے قائدین انہیں اکیلا چھوڑ گئے اور جاوید بلوانی نے اپنے دونوں نائب صدور کے ہمراہ تن تنہا حکومت مخالف اقدامات کا سامنا کیا جس میں وزیر اعظم کے معاون خصوصی ہارون اختر خان کی جانب سے ان پر لگائے گئے الزامات بھی شامل تھے۔ کراچی چیمبر کے صدر محمد جاوید بلوانی نے بتایا کہ 15 سے 20 عدالتی مقدمات، ڈی جی ٹی او کی مداخلت اور انتظامی رکاوٹوں کے باوجود کراچی چیمبر نے وعدے پورے کیے، جن میں میمورنڈم اور آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کی کامیاب اپڈیٹ شامل ہے جبکہ کاروبار دشمن حکومتی اقدامات کے خلاف ملک گیر ہڑتال ایک تاریخی کامیابی تھی۔

بقیہ 34 تجارت نیوز

ایم تنویر نے کہا کہ اس پیش رفت نے شرح سود میں کمی کے لیے ملک بھر میں آوازیں بلند ہورہی ہیں اور کاروباری رہنماؤں اور ماہرین معیشت کا کہنا ہے کہ موجودہ شرح سود اب مزید قابل جواز نہیں رہی۔ انہوں نے زور دیا کہ جب مہنگائی قابو میں آ چکی ہے، تو اس صورتِ حال میں اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی جانب سے شرح سود کو 11 فیصد پر برقرار رکھنا تنقید کی زد میں آ گیا ہے۔ ایس ایم تنویر کے مطابق، حقیقت پر مبنی شرح سود کا فرق خطرناک حد تک بڑھ چکا ہے، جو صنعتی اور معاشی ترقی کو روک رہا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ 11 فیصد شرح سود کو برقرار رکھنا اب کسی بھی طور پر معاشی لحاظ سے درست نہیں ہے۔ ایس ایم تنویر نے کہا کہ شرح سود کو کم از کم 6 فیصد تک لانے سے معیشت پر کئی مثبت اثرات مرتب ہوں گے جس میں صنعتی ترقی کا احیاء، روزگار کے مواقع میں اضافہ، برآمدات کی مسابقت میں بہتری، حکومت کے قرضے کا بوجھ کم ہونا اور سرمایہ کاری اور کاروباری اعتماد میں اضافہ شامل ہیں۔

بقیہ 35 تجارت نیوز

بین الاقوامی تحقیقی ٹیمیں شامل ہیں۔ پتھروں پر کندہ نقش ونگار تقریباً 11,400 سے 12,800 سال پرانے ہیں یعنی تقریباً 12,000 سال پہلے کے زمانے میں بنائے گئے۔ مجموعی نقوش کی تعداد تقریباً 176 پتھر ہیں۔ ان میں سے تقریباً 130 نقوش لائف سائز ہیں۔ اس پر جانوروں کی تصاویر شامل ہیں جیسے اونٹ، ہرن، گھوڑے، ولڈ بیسٹ اور ایک عورت جو معدوم شدہ نسل سے ہے۔ کچھ نقش اتنے بلند جگہوں پر بنائے گئے ہیں کہ کندہ کرنے والے پورے نقش کو مکمل دیکھ ہی نہ سکتے ہوں۔ یہ دریافت ظاہر کرتی ہے کہ تقریباً 16,000-13,000 سال پہلے یہ علاقہ موجودہ جیسی خشک حالت میں نہیں تھا بلکہ بارشیں ہوتی تھیں، پانی کے عارضی جھیلیں بنتی تھیں اور انسانی بستیاں تھیں۔ یہ ممکن ہے کہ یہ آرٹ ثقافتی اظہار کا حصہ ہو، یعنی قدیم انسان اپنے ماحول، جانوروں اور زندگی کی صورتوں کو نقش و نگار کے ذریعے محفوظ کرنا چاہتے تھے۔

بقیہ 36 تجارت نیوز

پنشن سسٹم رولز 2005 اور نان بینکنگ فنانس کمپنیز اینڈ نوٹیفائیڈ اینٹ ٹیز ریگولیشنز 2008 کے مطابق ریگولیٹ کی جائے گی یہ قواعد اگست 2024 کے اس حکم نامے کی جگہ لیں گے جس میں حکومت کا حصہ 20 فیصد مقرر کیا گیا تھا 20 اگست 2024 کو وزارت خزانہ نے پہلی بار سول حکومت اور مسلح افواج کے نئے بھرتی ہونے والے ملازمین کے لیے کنٹری بیوٹری پنشن سکیم متعارف کرانے کا اعلان کیا تھا اس وقت ملازمین کو اپنی بنیادی تنخواہ کا 10 فیصد جمع کرانا تھا جبکہ حکومت 20 فیصد حصہ ڈالنے کی پابند تھی نئی سکیم کا اطلاق ان سول ملازمین پر ہوگا جو یکم جولائی 2024 یا اس کے بعد بھرتی ہوئے ہوں گے۔

بقیہ 37 تجارت نیوز

(ISO 9001)، انوائرمنٹل منیجمنٹ سسٹم (ISO 14001)، آکیوپیشنل ہیلتھ اینڈ سیفٹی منیجمنٹ سسٹم (ISO 45001) میں سرٹیفکیشنز کامیابی سے برقرار رکھے۔ ادارے نے چندروز قبل ہی امریکی ادارے ایگزیمپلر گلوبل کی جانب سے ریکوگنائزڈ ٹریننگ پرووائڈر (RTP) کا اعزاز حاصل کیا، جس کے بعد وہ بین الاقوامی سطح پر تسلیم کردہ ISO لیڈ آڈیٹر کورسز کا انعقاد کرسکتا ہے۔

بقیہ 38 تجارت نیوز

فنڈنگ میں معاونت، جاری ریٹ منصوبوں کے لیے سرمایہ کاری کی ضروریات پوری کرنے، اور مستقبل میں ٹی پی ایل آر ایم سی کے کسی بھی منصوبے کے لیے مالی معاونت اور سرمایہ جمع کرنے کے مواقع تلاش کرنے پر مرکوز ہوگی۔ اس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے، ٹی پی ایل آر ایم سی کے سی ای او جمال بقار نے کہا: "یہ اسٹریٹجک شراکت داری ٹی پی ایل آر ایم سی کی مضبوط اثاثہ جاتی فہرست اور ٹی پی ایل ریٹ فنڈ 1 کے آٹھ بڑے پاکستانی بینکوں پر مشتمل اینکر انویسٹر بیس کو، ٹاپ لائن اور گروتھ سیکیورٹیز کی کیپٹل مارکیٹ میں مہارت کے ساتھ جوڑتی ہے۔

بقیہ 39 تجارت نیوز

روپے کی مجموعی برآمدات کے ساتھ پاکستان کی نمبرون برآمدی کمپنی ہونے کا اعزاز حاصل کیا۔ دنیا کے 63 سے زائد مما لک میں مضبوط موجودگی کے ساتھ، آصف رائس ملز بین الاقوامی منڈیوں کو اعلیٰ معیار کا چاول، کنگنی، اور تل فراہم کرنے پر فخر محسوس کرتی ہے۔ اس کی شاندار کارکردگی کے اعتراف میں رائس ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن آف پاکستان (ریپ) کی 17 ویں رائس ایکسپورٹ ایوارڈ تقریب میں آصف رائس ملز نے سب سے بڑے نان باسمتی چاول برآمد کنندہ کا گولڈ میڈل اور ٹرافی چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی سے (قائم مقام صدر پاکستان کی حیثیت سے) وصول کی۔ ایوارڈ تقریب میں کے چیئرمین فیصل جہانگیر، وائس چیئرمین جاوید جیلانی، عبدالرحیم جانو، رفیق سلیمان، سابق وزیر اعظم محمد میاں سومرو، علی حسام اصغر اور دیگر رائس ایکسپورٹرز بھی موجود تھے۔

بقیہ 40 تجارت نیوز

میں دوسرے کاروباروں کے ساتھ مقابلہ کرنا ان کے لیے مزید مشکل ہو جائے گا۔ حنین ضیاء نے کہا کہ یہ نوجوان پہلے ہی سرمایہ، مہنگائی اور دوسرے مسائل کا سامنا کررہے ہیں، ایسے میں اگر ودہولڈنگ اور سیلز ٹیکسز لاگو ہوں گے تو ان کا پروفٹ مارجن کم سے کم ہوتا جائے گا۔ اس کے نتیجے میں وہ یا تو کاروبار بند کرنے پر مجبور ہوں گے یا پھر قیمتیں بڑھائیں گے جس کا براہ راست اثر صارفین پر پڑے گا۔ حنین ضیاء نے زور دیا کہ ایف بی آر کو چاہیے کہ وہ ڈیجیٹل معیشت میں قدم رکھنے والے نوجوانوں اور اسٹارٹ اپس کے لیے خصوصی ریلیف پیکج دے، ابتدائی برسوں میں کم یا صفر شرح ٹیکس نافذ کرے اور رجسٹریشن کے عمل کو آسان اور فیس فری بنایا جائے۔ اگر چھوٹے کاروبار کو ٹیکس نیٹ میں لانے کے ساتھ سہولتیں نہ دی گئیں تو یہ پالیسی نوجوان طبقے کے لیے مواقع کے بجائے رکاوٹ بن جائے گی۔

بقیہ 41 تجارت نیوز

بارشوں اور سیلاب نے تجارت، صنعتی، زراعت سمیت تاجروں کو مشکلات میں الجھا کر رکھ دیا ہے، ان حالات میں بروقت گوشوارے جمع کرانا ممکن نہیں ہے جبکہ ایف بی آر کی جانب سے ٹیکس فارم میں کی گئی تبدیلیوں نے بزنس کمیونٹی کی مشکلات کو دوچند کردیا ہے۔ فیصل معیز خان نے کہا کہ ریٹرن فارم میں کی گئی تبدیلیوں سے ٹیکس دہندگان الجھن میں مبتلا ہیں، اگر 24 ستمبر کو کی گئی تبدیلیوں کو درست مان بھی لیا جائے تو بھی قانون کے مطابق ٹیکس گوشوارے جمع کرانے کی آخری تاریخ 24 دسمبر بنتی ہے، حکومت اور ایف بی آر کو چاہیئے کہ ریٹرن فارم میں موجود ابہام کو ختم کر کے انکم ٹیکس گوشوارے جمع کرانے کی آخری تاریخ 31 دسمبر 2025 مقرر کی جائے کیونکہ تاریخ میں توسیع سے کاروباری برادری کیلئے سہولت ہوگی اور ایف بی آر کو زائد گوشوارے موصول ہونگے۔

بقیہ 42 تجارت نیوز

ٹرمپ انتظامیہ نے ڈیموکریٹک ریاستوں کے 26 ارب ڈالرز کے فنڈز بھی منجمد کر دیے ہیں۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ اگر حکومت اور کانگریس کے درمیان مالی معاملات پر اتفاق رائے نہ ہوا تو آنے والے دنوں میں امریکا کو سنگین معاشی بحران کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ خیال رہے امریکی حکومت کا شٹ ڈاؤن جاری ہے جبکہ سینیٹ اور ایوان نمائندگان کے درمیان اخراجات بل پر ڈیڈلاک بدستور برقرار ہے۔ جمعرات کو سینیٹ کا اجلاس ہوا مگر سرکاری تعطیل کے باعث ووٹنگ نہ ہوسکی، سینیٹ لیڈر جان تھون نے کہا کہ ویک اینڈ پر ووٹنگ کے امکانات نہ ہونے کے برابر ہیں، جس کے باعث خدشہ ظاہر کیا جارہا ہے کہ حکومت کا شٹ ڈاؤن اگلے ہفتے تک جاری رہے گا۔

بقیہ 43 تجارت نیوز

کامرس ڈاکٹر مریم صدیقہ نے اپنے دور کی کارکردگی و کامیابیوں بارے تفصیلی بریفنگ دی۔ انہوں نے بتایا کہ ویمن چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری سیالکوٹ نے اپنے قیام کے تھوڑے عرصے بعد ہی اپنا ایک نام اور اپنی ایک پہچان بنالی ہے جو اس کی کامیابیوں کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم خواتین کو با اختیار بنانے کے لیے سرگرم عمل ہیں اور اس ضمن میں اہم وٹھوس اقدامات بھی کیے جا رہے ہیں۔

بقیہ 44 تجارت نیوز

طوفان کی وجہ سے یہ جہاز ڈوب گیا تھا جس کی وجہ سے اس پرلدا قیمتی سامان بھی سمندر کی نذر ہو گیا تھا۔

بقیہ 45 تجارت نیوز

مرکزی بینک کی جانب سے جاری کردہ اعلامیہ میں کہا گیا ہے کہ اسٹیٹ بینک نے بحران زدہ/ مسائل کا شکار بینکوں، مائیکروفنانس بینکوں (ایم ایف بیز) اور ڈویلپمنٹ فنانس اداروں (ڈی ایف آئیز) کے منظم حل کے لیے فنانشل انسٹی ٹیوشنز ریزولوشن ڈیپارٹمنٹ (ایف آئی آر ڈی) قائم کر دیا ہے۔ مرکزی بینک نے مالیاتی اداروں کو ہدایت کی ہے کہ وہ اپنے آپریشنز سے متعلق معلومات فراہم کریں کیونکہ ریزولوشن پلاننگ کو بحران زدہ بینکوں کے منظم حل کے لیے پیشگی تیاری کا ایک لازمی عنصر سمجھا جاتا ہے۔ بینکوں کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ 31 دسمبر 2025 کی مالیاتی پوزیشن کی بنیاد پر درکار ابتدائی معلومات کا پہلا سیٹ تیار کریں اور 30 اپریل 2026 تک اسٹیٹ بینک کو تصدیق بھجوائیں۔

بقیہ 46 تجارت نیوز

سعید محمد حسین لمیٹڈ (ایم ایس ایم ایچ ایل) کے پلانٹ میں قائم اس نئی سہولت میں آپریشنز کا آغاز کررہی ہے۔ کمپنی کے مطابق یہ جدید سہولت خاص طور پر بھیڑ، بکری اور گائے کے آنتوں و اعضا کی پروسیسنگ کے لیے تیار کی گئی ہے، جس میں صفائی ستھرائی کے اعلیٰ معیار کے ساتھ قدر میں اضافے اور مشرق وسطی، یورپ، چین، وسطی اور مشرقی ایشیائی مما لک سمیت عالمی منڈیوں کو دوبارہ برآمد پر خصوصی توجہ دی گئی ہے۔

بقیہ 47 تجارت نیوز

ہوئے واقعات روکنے کے لیے اپنی کارکردگی میں اضافہ کیا ہے۔ حال ہی میں ملیر، کراچی کے شاہ لطیف ٹاؤن میں کام کرنے والی مافیا کو کمزور کرنے کے لیے ٹیم نے گزشتہ دو ہفتوں سے ایک بڑی کارروائی جاری رکھی ہوئی ہے۔ عبداللہ گوٹھ کے نزدیک شاہ لطیف ٹاؤن، ملیر، کراچی میں کی گئی ایک چھاپے میں ٹیم نے ایس ایس جی سی کی 16 انچ مین ڈسٹری بیوشن لائن سے براہ راست غیر قانونی کنکشن پایا، جس کے ذریعے تقریباً 2,600 گھروں کو گیس فراہم کی جارہی تھی۔

بقیہ 48 تجارت نیوز

جائزہ عرصے کے دوران ملک کے جنوبی شہروں میں سیمنٹ کی فی بوری کی اوسط ریٹیل قیمت 1449 روپے ریکارڈ کی گئی جو پیوستہ ہفتہ کے مقابلہ میں 0.40 فیصد زیادہ ہے، پیوستہ ہفتہ میں ملک کے جنوبی شہروں میں سیمنٹ کی فی بوری کی اوسط ریٹیل قیمت 1443 روپے ریکارڈ کی گئی تھی۔ اعداد وشمار کے مطابق گزشتہ ہفتہ کے دوران اسلام آباد میں سیمنٹ کی فی بوری کی اوسط ریٹیل قیمت 1357 روپے، راولپنڈی 1361 روپے، گوجرانوالہ 1420 روپے، سیالکوٹ 1380 روپے، لاہور 1443 روپے، فیصل آباد 1380 روپے، سرگودھا 1370 روپے، ملتان 1416 روپے، بہاولپور 1450 روپے، پشاور 1350 روپے اور بنوں میں سیمنٹ کی فی بوری کی اوسط ریٹیل قیمت 1280 روپے ریکارڈ کی گئی۔

بقیہ 49 تجارت نیوز

ڈائریکٹرز نے 29 ستمبر 2025 کو اپنی میٹنگ میں شعبے کے کاروباری آپریشنز کو بند کرنے کا فیصلہ کیا جو شعبے کی کارکردگی اور مستقبل کے امکانات کے جامع اسٹریٹجک جائزے کے بعد کیا گیا۔ کمپنی نے بتایا کہ اس کا برآمدی ملبوسات کا شعبہ، جو زیادہ مزدوری پر مبنی ہے، داخلی اور خارجی عوامل کے مجموعے کی وجہ سے مستقل مارجن دباؤ کا شکار رہا۔ مسلسل چیلنجز میں شدید علاقائی مقابلہ، مضبوط زرمبادلہ کی شرح، حالیہ حکومتی پالیسی تبدیلیاں جیسے ایڈوانس ٹرن اوور ٹیکس میں اضافہ، منتخب شدہ کپڑوں کی بڑھتی ہوئی قیمتیں، اور بلند توانائی کے نرخ شامل ہیں۔

بقیہ 50 تجارت نیوز

ماہرین اور خریداروں نے نمائش میں شرکت کی۔ اس ایونٹ میں مختلف اہم شعبوں سے تعلق رکھنے والی جدید مصنوعات، ٹیکنالوجیز اور حل پیش کیے گئے۔ جس میں پانچ بڑے شعبہ جات کے تحت مصنوعات پیش کی گئیں: کمرشل اور پرائمیز سیکیورٹی، ہوم لینڈ سیکیورٹی اور پولیسنگ، فائر اینڈ ریسکیو، سیفٹی اینڈ ہیلتھ، سائبر سیکیورٹی۔ پاکستان کی جانب سے سرینا ڈائنگ اینڈ ایمبرائیڈری ملز لمیٹڈ، نیشنل الیکٹرانکس کمپلیکس آف پاکستان (NECOP) اور فاروق گارمنٹس نے انٹرسیک سعودی عربیہ 2025 میں شرکت کی۔

ڈائریکٹر عزیز شیخ کو بہترین ایکسپورٹ ٹرافی پیش کی جارہی ہے، عبدالرحیم جانو، جاوید جیلانی، رفیق سلیمان، سابق وزیر اعظم محمد میاں سومرو، علی حسام اصغر، فیصل جہانگیر بھی موجود ہیں

چینی درآمد کرنا کسانوں کو تباہ کرنے کے مترادف ہے

حکومت کسانوں کی بہتری کا سوچتے ہوئے مثبت فیصلے کرے، شوگر ملز ایسوسی ایشن

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) شوگر ملز ایسوسی ایشن نے کہا ہے کہ چینی درآمد کرنا کسانوں کو تباہ کرنے کے مترادف ہے۔ اس حوالے سے شوگر ملز ایسوسی ایشن نے بیان میں کہا کہ شوگر انڈسٹری شروع سے کہہ رہی ہے کہ ملک میں چینی کے وافر اسٹاک ہیں۔ حکومت 3 لاکھ ٹن چینی درآمد کرنے (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 23)

فلڈ سروے، 81 ہزار 510 متاثرین کی تفصیلات جمع

56 ہزار 207 کسانوں کی فصلوں کے نقصانات، 53985 ایکڑ متاثرہ اراضی کی نشاندہی کر لی گئی

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) پنجاب کی تاریخ کا سب سے بڑا فلڈ سروے جاری ہے، سیلاب سے متاثرہ 27 اضلاع میں 1857 ٹیموں نے ڈیٹا اکٹھا کرنے میں حصہ لیا۔ فلڈ سروے میں 81 ہزار 510 متاثرین کی تفصیلات جمع کر لی گئی ہیں۔ سروے ٹیموں نے مختلف اضلاع میں (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 24)

ارکان کراچی چیمبر اپنی قیادت پر بھرپور اعتماد کا اظہار کر رہے ہیں

کے الیکٹرک گھوسٹ کنزمپشن ریٹ اور فیک بلنگ کا انکشاف

مختلف سبسڈیز کی مد میں بھی گزشتہ 20 برس کے دوران حکومت پاکستان سے سینکڑوں ارب روپے وصول کیے جا چکے ہیں

شہریوں کو لوٹنے کے لیے ایجاد کیے جانے والے نت نئے طریقوں میں ٹیرف ڈیفرینشل سبسڈی بھی شامل ہے

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) کراچی الیکٹرک سپلائی کارپوریشن کی نجکاری کا فیصلہ بجلی کی پیداوار میں اضافے، ڈسٹری بیوشن کے نظام میں بہتری، لائن لاسز اور لوڈشیڈنگ میں کمی کے پیش نظر کیا گیا تھا تاہم کراچی کے شہری حقیقی طور پر ناقابل بیان اذیت اور کرب میں مبتلا ہو گئے کیونکہ کراچی الیکٹرک کی انتظامیہ نے معاملات سنبھالنے کے فوری بعد کراچی بھر میں لگی کاپر کی تاروں کو سلور کی تاروں سے تبدیل کر دیا اور مبینہ اطلاعات کے مطابق کاپر کی فروخت کے ذریعے 850 ارب روپے سے زائد کی خطیر رقم بٹوری گئی دوسری جانب کچھ ہی عرصے کے بعد سلور کی تاروں کو بنڈل کیبل سے تبدیل کر دیا گیا۔ اس سے (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 25)

او جی ڈی سی ایل کا سندھ میں گیس ذخائر کی دریافت کا اعلان

کمپنی بٹریزم ایکسپلوریشن لائسنس کی آپریٹر ہے اور 95 فیصد ورکنگ انٹرسٹ رکھتی ہے، او جی ڈی سی

کمپنی کے مطابق یہ دریافت لوئر گورو فارمیشن (میسیو اور بیسل سینڈز) سے ایک اور بڑی کامیابی ہے

کراچی (کامرس رپورٹر) پاکستان کی سب سے بڑی ایکسپلوریشن اینڈ پروڈکشن کمپنی آئل اینڈ گیس ڈویلپمنٹ کمپنی لمیٹڈ نے سندھ کے ضلع خیرپور میں بٹریزم ایسٹ-ون کنویں سے گیس اور کنڈینسیٹ کی اہم دریافت کا اعلان کیا ہے۔ یہ اعلان بدھ کے روز پاکستان اسٹاک ایکسچینج کو دیے گئے نوٹس میں کیا گیا۔ نوٹس میں کہا گیا کہ او جی ڈی سی ایل، جو بٹریزم ایکسپلوریشن لائسنس کی آپریٹر ہے اور 95 فیصد ورکنگ انٹرسٹ رکھتی ہے، جبکہ گورنمنٹ ہولڈنگز (پرائیویٹ) لمیٹڈ (جی ایچ پی ایل) 5 فیصد ورکنگ انٹرسٹ کی حامل ہے نے ضلع خیرپور، سندھ میں واقع بٹرسم ایسٹ-ون کنویں سے گیس/ کنڈینسیٹ (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 26)

پاکستان کے گلابی نمک کو بیلجیئم میں نمایاں کامیابی حاصل

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان کے ہمالیائی گلابی نمک نے بیلجیئم میں گلوبل انوویشن ایوارڈ میں نمایاں کامیابی حاصل کیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق پاکستانی ہمالیائی (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 30)

ایلون مسک 500 ارب ڈالر کی مجموعی مالیت رکھنے والے پہلی شخصیت بن گئے

فوربز کے مطابق لیری ایلیسن، مارک زکربرگ اور جیف بیزوس کا نمبر ان کے بعد ہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) ٹیکنالوجی کمپنی ٹیسلا کے مالک ایلون مسک 500 ارب ڈالر کی مجموعی مالیت رکھنے والے دنیا کے پہلی شخصیت بن گئے۔ فوربز کے ریئل ٹائم بلینیئرز کی فہرست میں ایلون مسک کو پہلے نمبر پر رکھا گیا ہے جبکہ ان کے بعد اوریکل کے لیری ایلیسن، میٹا کے (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 29)

ایشوریا کی شکایت، یوٹیوب نے اے آئی ویڈیوز ڈیلیٹ کر دیں

ویڈیوز میں مختلف بالی ووڈ اداکاروں کو مصنوعی انداز میں قابلِ اعتراض مناظر میں پیش کیا گیا تھا

ممبئی (مانیٹرنگ ڈیسک) ایشوریا رائے بچن اور ابھیشیک بچن کی قانونی کارروائی کے بعد یوٹیوب نے مصنوعی ذہانت (اے آئی) سے بنائی گئی اس جوڑے کی ویڈیوز حذف کر دیں۔ بھارتی میڈیا کی رپورٹ کے مطابق یہ ویڈیوز اے آئی بالی ووڈ عشق نامی یوٹیوب چینل پر موجود تھیں جنہیں مجموعی طور پر ایک کروڑ 60 لاکھ سے زائد بار دیکھا گیا تھا۔ ان ویڈیوز میں مختلف بالی ووڈ اداکاروں کو مصنوعی انداز میں قابلِ اعتراض یا رومانوی مناظر میں پیش کیا گیا تھا۔ رپورٹ کے مطابق چینل پر موجود (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 32)

2025 میں غربت کی شرح میں مزید اضافے کا خطرہ ہے

غربت کے خاتمے کے لیے صنعت و تجارت دوست پالیسیاں ناگزیر ہیں، میاں زاہد حسین

کراچی (بزنس رپورٹر) پاکستان بزنس مین اینڈ انٹلیکچولز فورم اور آل کراچی انڈسٹریل الائنس کے صدر، نیشنل بزنس گروپ پاکستان کے چیئرمین، ایف پی سی سی آئی کی پالیسی ایڈوائزری بورڈ کے چیئرمین اور سابق صوبائی وزیر میاں زاہد حسین نے کہا ہے کہ عالمی بینک کی حالیہ (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 28)

اوپن کرنسی مارکیٹ میں روپے کے مقابلے میں ڈالر کی قدر میں معمولی کمی

کراچی (کامرس رپورٹر) منگل کو انٹربینک مارکیٹ اور اوپن کرنسی مارکیٹ میں روپے کے مقابلے میں ڈالر کی قدر میں معمولی کمی رہی۔ انٹربینک میں (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 27)

ملک میں مزید بارشوں اور بھارتی آبی جارحیت کا امکان

ملک میں موسم تبدیل ہو رہا ہے، آن لائن ڈیش بورڈ کے ذریعے ریئل ٹائم مانیٹرنگ بھی کی جا رہی ہے

سیلاب سے متاثرہ 27 اضلاع میں سروے جاری ہے جس میں ساڑھے 11 ہزار افراد حصہ لے رہے ہیں ڈی جی پی ڈی ایم اے

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) ملک میں مزید بارشوں اور بھارت کی جانب سے دریاؤں میں پانی چھوڑے جانے کا امکان ہے۔ ڈی جی پی ڈی ایم اے عرفان علی کاٹھیا نے پریس کانفرنس میں کہا ہے کہ ملک میں موسم تبدیل ہو رہا ہے جو سردی کے آغاز کی علامت ہے، چند روز میں پنجاب کے مختلف علاقوں میں بارشیں متوقع ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آج صوبے کے مختلف اضلاع میں ہلکی بارش کا امکان ہے، جب کہ 5 اکتوبر سے راولپنڈی سے لاہور تک زیادہ بارشیں ہوسکتی ہیں۔ کل جنوبی پنجاب میں بھی بارش ہونے کا امکان ہے اور بالائی علاقوں میں 70 ملی میٹر تک بارشیں ہوسکتی ہیں۔ عرفان علی کاٹھیا نے بتایا کہ حالیہ سیلاب سے پنجاب کے 27 اضلاع متاثر ہوئے ہیں، اس وقت ہیڈ مرالہ پر 20 ہزار کیوسک پانی آرہا ہے، جب کہ اگلے 48 گھنٹوں میں بھارت سے ا (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 31)

اسلام آباد: تیز بارش کے دوران ایک خاتون اپنے بچے کو اٹھائے سڑک عبور کر رہی ہے

کراچی چیمبر کا صدارتی منصب جاوید بلوانی کیلئے کانٹوں کی سیج ثابت ہوا

صدر کے سی سی آئی جاوید بلوانی، سینئر نائب صدر ضیاء العارفین اور نائب صدر فیصل خلیل کا ذاتی مصروفیات کے سبب مستعفی ہونے کا امکان

15 سے 20 عدالتی مقدمات، ڈی جی ٹی او کی مداخلت اور انتظامی رکاوٹوں کے باوجود وعدے پورے کیے، جاوید بلوانی

کراچی (کامرس رپورٹر) کراچی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (کے سی سی آئی) کے موجودہ عہدیداران صدر کراچی چیمبر محمد جاوید بلوانی، سینئر نائب صدر ضیاء العارفین اور نائب صدر فیصل خلیل احمد کی جانب سے ذاتی مصروفیات کے سبب اپنے عہدوں سے رواں ہفتے کے دوران مستعفی ہونے کا امکان ہے جبکہ کے سی سی آئی کے نئے متوقع صدر ریحان حنیف بھی رواں ہفتے کے اختتام یا آئندہ ہفتے کے آغاز میں صدارتی منصب سنبھالیں گے۔ کے سی سی آئی ک میں برسراقتدار بزنس مین گروپ کے چیئرمین زبیر موتی والا کا دعویٰ ہے کہ کے سی سی آئی نے مالی سال 25-2024 کے دوران کاروباری مفادات کے تحفظ، پالیسی سازوں سے مشاورت، ادارہ جاتی فریم ورک کی جدت، کاروبار دشمن اقدامات کی مخالفت اور پاکستان کی (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 33)

کراچی: صدر کے علاقے میں لوڈشیڈنگ سے تنگ شہری بیٹری سے چلنے والا پنکھا خرید رہا ہے

مہنگائی میں کمی، موجودہ شرح سود اب مزید قابلِ جواز نہیں رہی، ایس ایم تنویر

حقیقت پر مبنی شرح سود کا فرق خطرناک حد تک بڑھ چکا ہے، سرپرست اعلیٰ یونائیٹڈ بزنس گروپ

کراچی (بزنس رپورٹر) یونائیٹڈ بزنس گروپ (یو بی جی) کے سرپرست اعلیٰ ایس ایم تنویر نے اگست 2025 میں کنزیومر پرائس انڈیکس میں نمایاں کمی کے بعد شرح سود کو کم کر کے 6 فیصد تک کرنے کا ایک بار پھر مطالبہ کر دیا ہے۔ انکا کہنا ہے کہ اگست میں مہنگائی کی شرح کم ہو کر صرف 3 فیصد پر آگئی ہے، جو ایک قابل ذکر کامیابی ہے۔ ایس (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 34)

سعودی عرب میں 12000 سال پرانے نقوش والے پتھر دریافت

ان میں سے تقریباً 130 نقوش لائف سائز ہیں۔ اس پر جانوروں کی تصاویر شامل ہیں

جدہ (مانیٹرنگ ڈیسک) شمالی سعودی عرب کے حائل نامی خطے میں اَل نفود الصحرا میں ایسے پتھر ملے ہیں جن پر 12000 سال پرانا نقش و نگار والا پتھر دریافت ہوا ہے۔ گرین اریبیا پراجیکٹ کے تحت تعمیری کام کرنے کے دوران یہ دریافت ہوئی جس میں سعودی ہیریٹیج کمیشن اور (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 35)

نئی پنشن سکیم نافذ، ملازمین کو پنشن کیلئے تنخواہ کا 10 فیصد جمع کرانا لازمی قرار

بدلے میں قومی خزانے سے 12 فیصد وصول کرنے کے اہل ہونگے، اطلاق یکم جولائی 2024 یا اس کے بعد بھرتی ملازمین پر ہوگا

وزارت خزانہ نے فیڈرل پنشن فنڈ سکیم رولز 2024 جاری کر دیئے، سکیم عالمی مالیاتی فنڈ کی سفارش پر متعارف کرائی گئی: ذرائع

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) ارشاد انصاری سے وفاقی حکومت نے سرکاری ملازمین کیلئے کنٹری بیوٹری پنشن سکیم لاگو کر دی جس کیلئے پنشن میں بڑی تبدیلی کرتے ہوئے نئے کنٹری بیوٹری پنشن فنڈ سکیم رولز نافذ کر دیے ہیں جن کے تحت وفاقی ملازمین کو اپنی پنشن کے لیے تنخواہ کا 10 فیصد حصہ جمع کرانا ہوگا تاکہ وہ قومی خزانے سے 12 فیصد وصول کرنے کے لیے اہل بن سکیں۔ اس حوالے سے وزارت خزانہ کی ریگولیشن ڈیپارٹمنٹ نے فیڈرل گورنمنٹ ڈیفائنڈ کنٹری بیوشن (ایف جی ڈی سی) پنشن فنڈ سکیم رولز 2024 جاری کر دیے ہیں جو پبلک فنانس منیجمنٹ ایکٹ 2019 کے تحت بنائے گئے ہیں یہ سکیم والینٹری (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 36)

انٹرسیک سعودی عربیہ 2025، میں پاکستان سے 3 کمپنیوں کی شرکت

دنیا کے 35 سے زائد ممالک سے 370 سے زیادہ نمائش کنندگان نے شرکت کی ہے

کراچی (بزنس رپورٹر) انٹرسیک سعودی عربیہ کا ساتواں ایڈیشن آج ریاض انٹرنیشنل کنونشن اینڈ ایگزیبیشن سینٹر (RICEC) میں کامیابی کے ساتھ اختتام پذیر ہوا، جس میں دنیا بھر سے ممالک نے بھرپور شمولیت اختیار کی۔ 2025 کے ایڈیشن میں دنیا کے 35 سے زائد ممالک سے 370 سے زیادہ نمائش کنندگان نے شرکت کی، جبکہ 27,000 سے زائد صنعت سے وابستہ (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 50)

گل احمد ٹیکسٹائل ملز کا اپنے برآمدی ملبوسات کے شعبے کو بند کرنے کا اعلان

فیصلے کی وجہ بڑھتی ہوئی لاگت، پالیسی کی تبدیلیوں اور شدید علاقائی مقابلہ ہے

کراچی (کامرس رپورٹر) ملک کی سب سے بڑی ٹیکسٹائل ملز میں سے ایک، گل احمد ٹیکسٹائل ملز لمیٹڈ (جی اے ٹی ایم) نے اپنے برآمدی ملبوسات (ایکسپورٹ اپیرل) کے شعبے کو بند کرنے کا اعلان کیا ہے۔ کمپنی نے اس فیصلے کی وجہ بڑھتی ہوئی لاگت، ہونے والی پالیسی تبدیلیاں اور شدید علاقائی مقابلہ بتایا، جس کے نتیجے میں شعبے کو مسلسل آپریشنل نقصانات کا سامنا تھا۔ لسٹڈ کمپنی نے منگل کو پاکستان اسٹاک ایکسچینج کو بھیجے گئے نوٹس میں اس پیشرفت کا انکشاف کیا۔ نوٹس کے مطابق بورڈ آف (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 49)

اسلام آباد: فرانسیسی سفیر نکولس گیلے فضہ حسین کو آرڈر آف لیٹرز کا بیج لگا رہے ہیں

ملک میں سیمنٹ کی ریٹیل قیمت میں ملا جلا رجحان

کراچی (کامرس رپورٹر) ملک میں سیمنٹ کی ریٹیل قیمت میں گزشتہ ہفتہ کے دوران ملا جلا رجحان رہا۔ اعداد و شمار کے مطابق 25 ستمبر کو ختم ہونے والے ہفتہ میں ملک کے شمالی شہروں میں سیمنٹ کی فی بوری کی اوسط ریٹیل قیمت 1382 روپے ریکارڈ کی گئی جو پیوستہ ہفتہ کے مقابلہ میں 0.32 فیصد کم ہے۔ اسے قبل ملک کے شمالی شہروں میں سیمنٹ کی فی بوری کی اوسط ریٹیل قیمت 1387 روپے ریکارڈ کی گئی تھی۔ زیر (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 48)

دی آرگینک میٹ کا کراچی ایکسپورٹ پروسیسنگ زون پلانٹ میں آپریشنز کا آغاز

کراچی (کامرس رپورٹر) دی آرگینک میٹ کمپنی لمیٹڈ نے کراچی ایکسپورٹ پروسیسنگ زون پلانٹ میں آپریشنز کا آغاز کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق ٹی او ایم سی ایل نے یکم اکتوبر 2025 سے کراچی ایکسپورٹ پروسیسنگ میں اپنی نئی سہولت پر باقاعدہ آپریشنز کے آغاز کا اعلان کر دیا ہے۔ کمپنی نے یہ پیشرفت بدھ کو پاکستان اسٹاک ایکسچینج کو اپنے نوٹس میں ظاہر کی۔ نوٹس کے مطابق کمپنی کی مکمل ملکیتی ذیلی کمپنی، محمد (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 46)

فلوریڈا کے ساحل سے لاکھوں ڈالر مالیت کا خزانہ دریافت

غوطہ خوروں نے 1000 سے زائد چاندی اور سونے کے سکے دریافت کیے

فلوریڈا (مانیٹرنگ ڈیسک) طویل عرصے سے گمشدہ ہسپانوی خزانہ بالآخر فلوریڈا کے ساحل سے دریافت ہو گیا۔ اس خزانے کی مالیت 10 لاکھ ڈالر کے قریب ہے۔ ماہر غوطہ خوروں کو 'ٹرژر کوسٹ' نامی ساحل پر 1000 سے زائد چاندی اور سونے کے سکے دریافت کیے۔ ماہرین کا ماننا ہے کہ 1715 کو ڈوبنے والے جہاز میں بھیجے جانے والے یہ سکے بولیویا، میکسیکو اور پیرو میں قائم ہسپانوی کالونیوں سے اکٹھا کیے گئے تھے۔ اس کے علاوہ جہاز پر جواہرات بھی موجود تھے۔ لیکن فلوٹیلا (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 44)

گروسیف کا پہلا ISO سرویلنس آڈٹ کامیاب

ملیریا اور ڈینگی جیسی بیماریوں سے محفوظ رکھا جا سکے گا، معاہدہ مکمل کر لیا گیا ہے

کراچی (کامرس رپورٹر) پیشہ ورانہ صحت، حفاظت اور ماحولیات (HSE) اور فائر سیفٹی کے شعبہ جات میں تربیت اور مشاورت کے حوالے سے معروف گروسیف کنے اپنے پہلے ISO سرویلنس آڈٹ میں کامیابی حاصل کر لی ہے، جس سے اعلیٰ بین الاقوامی معیارات اور آپریشنل کارکردگی کے حوالے سے ادارے کے عزم کا اظہار ہوتا ہے۔ گروسیف نے کوالٹی مینجمنٹ سسٹم (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 37)

ٹی پی ایل ریٹ مینجمنٹ کا نئے RIET کے شراکت داروں کیساتھ کام کا آغاز

موجودہ ریٹ فنڈز میں شامل کیے جانے والے نئے اثاثہ جات کے لیے فنڈنگ میں معاونت ہوگی

کراچی (بزنس رپورٹر) ٹی پی ایل ریٹ مینجمنٹ کمپنی لمیٹڈ (RMCTPL) نے ٹاپ لائن سیکیورٹیز لمیٹڈ اور گروتھ سیکیورٹیز (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے ساتھ ایک اسٹریٹجک شراکت داری کے معاہدے پر دستخط کیے ہیں تاکہ نئے ریٹ (REIT) کے لیے فنڈز اکٹھے کیے جا سکیں۔ معاہدے کی شرائط کے تحت، یہ شراکت داری ٹی پی ایل آر ایم سی کی جانب سے شروع کیے گئے نئے ریٹ فنڈز کے لیے سرمایہ اکٹھا کرنے، موجودہ ریٹ فنڈز میں شامل کیے جانے والے نئے اثاثہ جات کے لیے (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 38)

جوڑیا بازار کراچی میں خواتین مصالحہ جات کی خریداری کر رہی ہیں

آصف رائس ملز نے 58 ارب روپے چاول کے برآمد پر گولڈ میڈل اور ٹرافی حاصل کر لی

کراچی (کامرس رپورٹر) پاکستان کی سب سے بڑی زرعی برآمدی کمپنی آصف رائس ملز کے ڈائریکٹر کاشف شیخ نے گولڈ میڈل اور ڈائریکٹر عزیز شیخ نے بہترین ایکسپورٹ ایوارڈ حاصل کر لیا۔ پاکستان کی سب سے بڑی زرعی برآمدی کمپنی آصف رائس ملز گزشتہ دو دہائیوں سے عالمی فوڈ ٹریڈ میں قیادت کر رہی ہے۔ کمپنی نے مالی سال 25-2024 میں ایک تاریخی سنگ میل عبور کیا کہ جب اس نے 58 ارب (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 39)

ایف بی آر کا نیا ای۔ کامرس ٹیکس نظام چھوٹے کاروباروں کے لیے چیلنج بن سکتا ہے، حنین ضیاء

کراچی (کامرس رپورٹر) سوشل انٹرپرینیور، ڈیجیٹل مارکیٹر اور ای کامرس ماہر حنین ضیاء نے کہا ہے کہ ایف بی آر کا یکم جولائی 2025 سے نیا ای۔ کامرس ٹیکس نظام چھوٹے کاروباروں کے لیے مشکلات پیدا کرے گا۔ ان کے مطابق ٹیکس لگنے سے ڈیجیٹل معیشت میں قدم رکھنے والے نوجوانوں کے منافع میں کمی آئے گی کیونکہ اضافی ٹیکس کی وجہ سے ان کی مصنوعات اور خدمات مہنگی ہو جائیں گی۔ اس طرح مارکیٹ (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 40)

بروقت گوشوارے جمع کرانا ممکن نہیں، تاریخ میں اضافہ کیا جائے، صدر نکاٹی

بارشوں اور سیلاب سے تاجر، صنعتکار اور زراعت مشکلات سے دوچار ہیں، فیصل معیز خان

کراچی (کامرس رپورٹر) نارتھ کراچی ایسوسی ایشن آف ٹریڈ اینڈ انڈسٹری (نکاٹی) کے صدر فیصل معیز خان نے وزیر اعظم، وزیر خزانہ اور چیئرمین ایف بی آر سے انکم ٹیکس ریٹرن جمع کرانے کی آخری تاریخ میں اضافے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ ملک میں شدید ترین (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 41)

شاہ لطیف ٹاؤن میں 3 ہزار غیر قانونی گیس کنکشن منقطع

گیس چوری کے بڑھتے ہوئے واقعات روکنے کے لیے اپنی کارکردگی میں اضافہ کیا ہے، ترجمان

کراچی (کامرس رپورٹر) سوئی سدرن گیس کمپنی (ایس ایس جی سی) نے شاہ لطیف ٹاؤن میں 3,000 غیر قانونی کنکشن منقطع کر دیے۔ جہاں سوئی سدرن گیس کمپنی کے مطابق سوئی سدرن گیس کمپنی کی سیکورٹی سروسز اور کاؤنٹر گیس تھیفٹ آپریشنز ڈیپارٹمنٹ نے گیس چوری کے بڑھتے (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 47)

ویمن چیمبر سیالکوٹ کا تیسرا سالانہ جنرل باڈی اجلاس

ڈاکٹر مریم صدیقہ نے اپنے دور کی کارکردگی و کامیابیوں کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی

سیالکوٹ (کامرس ڈیسک) ویمن چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری سیالکوٹ (ڈبلیو سی سی آئی ایس) کی سالانہ جنرل باڈی کا اجلاس الشفیع آڈیٹوریم ہال میں منعقد ہوا۔ تیسرے سالانہ جنرل اجلاس (اے جی ایم) کی صدارت صدر ویمن چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری سیالکوٹ ڈاکٹر مریم صدیقہ نے کی۔ اجلاس کا باقاعدہ آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا، بعد ازاں صدر ویمن چیمبر آف (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 43)

امریکا میں شٹ ڈاؤن 40 ہزار سے زائد افراد بے روزگار

ہزاروں سرکاری ادارے جزوی طور پر بند کر دیے گئے ہیں، جس سے عوامی سطح پر بے چینی اور احتجاج میں اضافہ دیکھنے میں آرہا ہے

فوجی اور سیکورٹی اہلکار بغیر تنخواہ کے فرائض انجام دینے پر مجبور ہیں، ٹرمپ انتظامیہ نے 26 ارب ڈالرز کے فنڈز بھی منجمد کر دیے

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکا میں شٹ ڈاؤن کے باعث 40 ہزار سے زائد افراد بے روزگار ہو گئے، فوجی اور سیکورٹی اہلکار بغیر تنخواہ کے فرائض انجام دینے پر مجبور ہیں۔ تفصیلات کے مطابق امریکا میں جاری شٹ ڈاؤن کے باعث سرکاری امور بری طرح متاثر ہو رہے ہیں، وائٹ ہاؤس کی جانب سے کہا گیا کہ فوجی اور سیکورٹی اہلکار بغیر تنخواہ کے فرائض انجام دینے پر مجبور ہیں۔ رپورٹس میں بتایا گیا شٹ ڈاؤن کے نتیجے میں 40 ہزار سے زائد افراد بے روزگار ہو چکے ہیں جبکہ ہزاروں سرکاری ادارے جزوی طور پر بند کر دیے گئے ہیں، جس سے عوامی سطح پر بے چینی اور احتجاج میں اضافہ دیکھنے میں آرہا ہے۔ (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 42)

برنس روڈ پر ایک پھل فروش انگور فروخت کرنے کے لیے سجا رہا ہے

اسٹیٹ بینک نے بحران زدہ بینکوں سے نمٹنے کا فیصلہ کر لیا

مرکزی بینک نے بحران زدہ/ مسائل کا شکار بینکوں کے منظم حل کیلئے "فنانشل انسٹی ٹیوشنز ریزولوشن ڈیپارٹمنٹ" قائم کیا ہے، ذرائع

جمع کنندگان کے مفادات کے تحفظ کے لیے ریزولوشن حکمت عملی کی تیاری اور اس پر عمل درآمد کا مجاز ادارہ مقرر کر دیا گیا ہے

کراچی (کامرس رپورٹر) اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے بحران زدہ بینکوں سے نمٹنے اور ڈپازٹرز کے مفادات کے تحفظ کے لیے ریزولوشن اتھارٹی مقرر کر دی۔ مرکزی بینک نے بحران زدہ/ مسائل کا شکار بینکوں کے منظم حل کیلئے "فنانشل انسٹی ٹیوشنز ریزولوشن ڈیپارٹمنٹ" قائم کیا ہے۔ ذرائع کے مطابق اسٹیٹ بینک آف پاکستان (ایس بی پی) کو بحران زدہ اور مسائل کا شکار بینکوں سے بروقت نمٹنے، مالیاتی استحکام کو یقینی بنانے اور جمع کنندگان کے مفادات کے تحفظ کے لیے ریزولوشن حکمت عملی کی تیاری اور اس پر عمل درآمد کا مجاز ادارہ مقرر کر دیا گیا ہے۔ دوسری جانب (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 45)

گارڈن جماعت خانے کے سامنے سڑک ترقیاتی کام کیلئے کھودنے کے بعد ہموار نہ کیے جانے سے گڑھے پڑ چکے ہیں

تجارت نیوز
میڈیا گروپ کو ملک بھر سے نمائندگان کی ضرورت ہے
جو کہ تجارت، معیشت اور کاروبار سے متعلق خصوصی رپورٹس
اور خبریں تیار کرنے کا تجربہ و مہارت رکھتے ہوں
اپنی CV میل یا واٹس ایپ کریں
info@tijaratnews.tv
0307-0610770

ایڈیٹر محمد صغیر نے قوم پرنٹنگ پریس آئی آئی چندریگر روڈ کراچی سے چھپوا کر آفس نمبر A-48 بلاک J نارتھ ناظم آباد سے شائع کیا